The

TONK STATE RAJPUTANA RULES.

[illegible]

Reg. Leave, Pension, Gratuity, Travelling Allowance AND Joining Time.

Corrected Up-to 1st November, 1944.

Price Rs 2/-

State Printing Press, TONK.

TONK STATE LEAVE RULES.

In supersession of all previous Orders and Rules and with the advice of the State Council, His Highness the Nawab Sahib of Tonk is pleased to issue the rules appended to this order for regulating the grant of leave and acting allowances to State employees in future.

These rules will come into force with effect from 1st November, 1932.

RULES

Extent of application.

1. These rules apply to all State servants employed in the Tonk State Service except in so far as they are inconsistent with, or are overridden by, special conditions in any particular officer's terms of appointment.

Discretion of Darbar.

2. Leave of absence can not be claimed as of right. Nothing in these Rules must be understood to limit the free discretion of the Darbar to refuse or revoke leave of absence of any description at any time according to the exigencies of the State service.

قواعد رخصت ریاست ٹونک

بہ تنسیخ جملہ احکام و قواعد سابقہ سرکار عالی وقار دام اقبالہٗ بہ مشورۂ اسٹیٹ کونسل قواعد منسلکہ حکم ہذا متعلق منظوری رخصت و الاؤنس انچارجی بہ ملازمان ریاست نافذ فرماتے ہیں۔

ان قواعد کا اجرا یکم نومبر سنہ ۱۹۳۲ء سے ہوگا۔

قواعد

وسعت اطلاق

(۱) بجز ان صورتوں کے جہاں کسی خاص عہدہ دار کی تقرری کی خاص شرائط کی وجہ سے یہ قواعد عائد یا اطلاق پذیر نہ ہوں۔ ان قواعد کا اطلاق تمام ملازمان ریاست پر ہوگا۔

دربار عالی وقار دام اقبالہٗ کی مرضی مبارک

(۲) رخصت بطور حق کے نہیں لیجاسکتی ملازمت ریاست کی ضروریات کے موافق رخصت کی منظوری یا منسوخی کا انحصار ہر وقت سرکار عالی دام اقبالہ کی مرضی مبارک پر ہے خواہ وہ کسی قسم کی ہو قواعد ہذا میں کوئی امر اسکا مانع نہیں ہے۔

انتہائی رخصت قابل منظوری

(۳) ایک ملازم ریاست اپنی ڈیوٹی سے ایک سال کی مسلسل غیرحاضری کے بعد ملازمت سے خارج تصور کیا جاویگا

Maximum leave admissible.

3. After one year's continuous absence from duty an officer is considered to be out of State employment.

رخصت سے واپس طلب کیا جانا

(۴) جس ملازم کو کسی قسم کی رخصت کے اختتام سے پیشتر ڈیوٹی پر مجبوراً بلوایا جاوے تو وہ ملازم اس رعایت کا مستحق ہوگا جو قواعد سفر خرچ کی دفعہ نمبر ۵۸ میں درج ہے بشرطیکہ شرائط مندرجہ قاعدہ مذکور پوری ہوں

Recall from leave.

4. An Officer, compulsorily recalled to duty before the expiry of leave of any kind is entitled to the concession in rule 58 of the Travelling Allowance Rules subject to the conditions specified there-in.

ملازمت بزمانہ رخصت

(۵) جو ملازم رخصت پر ہو وہ ممبر صاحب کونسل کی ماقبل منظوری حاصل کئے بغیر ملازمت اختیار نہیں کرسکتا

Employment during leave.

5. An Officer (who is) on leave may not take service or accept any appointment without obtaining previous sanction of the Member of Council.

ملازمت قابل رخصت

(۶) بلا کسی مستقل عہدہ کے ملازمت سے رخصت کا حق قائم نہیں ہوتا

(نوٹ) ۱ دیکھو استثنائے از قاعدہ نمبر ۲۶

(نوٹ) ۲ امتحانی زمانہ میں رخصت اتفاقیہ معہ تنخواہ دی جاسکتی ہے تاوقتیکہ ایک عہدہ دار کا مستقل نہ ہوجاوے رخصت رعایتی نہیں دی جاسکتی بہرصورت رخصت بلا تنخواہ جسکو رخصت اتفاقیہ کیساتھ حاصل کیا جا سکتا ہے دی جا سکتی ہے

Service qualifying for leave.

6. Service without a substantive appointment does not count for leave.

Note 1 :— Vide exception to Rule 26.

Note 2 :— During a probationery period, casual leave with pay may be allowed. No Privilege leave shall be allowed unless an official is confirmed in his appointment. Leave, without pay may, however, be granted, which may be taken in continuation of Casual Leave.

Note 3 :— Service in a non-substantive appointment may count for purposes of leave, on confirmation in a substantive appointment.

(نوٹ) ۳ ملازمت بعہدہ عارضی - ایک مستقل عہدہ پر مستقل ہوجانے پر رخصت کی اغراض کے لئے شمار ہوگی

7. Service as a probationer will be treated as service without a substantive appointment.

(۷) وہ خدمات جو بحیثیت امیدوارانہ انجام دیجائینگی - ملازمت بلا مستقل عہدہ سمجھی جاویگی

Note:— On confirmation in a substantive appointment, the period of probationery service will count for leave and pension and the date of confirmation will count for seniority.

(نوٹ) ایک مستقل عہدہ پر مستقلی ہوجانے پر ابتدائی ملازمت کا زمانہ رخصت و پینشن کی غرض سے شمار ہوگا اور تاریخ مستقلی سے فوقیت عہدہ شمار کیجاویگی

8. The State Council may permit time spent under training at a College or other institution to count service qualifying for leave provided the officer holds a substantive appointment under the Darbar.

(۸) اسٹیٹ کونسل کو اختیار ہے کہ اس زمانہ کو جو کسی کالج یا دوسری درس گاہ مین زیر تعلیم گذرے قابل رخصت ملازمت مین شمار کرنیکی اجازت دین - بشرطیکہ ملازم ریاست مین مستقل عہدہ رکھتا ہو

9. *An Officer who is discharged* from or resigns the State service and is re-employed after an interval can not without the sanction of the State Council, count his former service towards leave.

(۹) جو ملازم ریاست کی ملازمت سے علیحدہ کردیا جاوے یا مستعفی ہوجاوے اور کچھہ وقفہ کے بعد دوبارہ ملازم رکھا جاوے وہ بلا منظوری اسٹیٹ کونسل اپنی سابقہ ملازمت رخصت کے لئے محسوب نہین کرسکتا

10. An Officer who is dismissed or removed from the State service and who is reinstated on appeal can not count his former service towards leave unless the appellate authority declares that his former service should count.

(۱۰) جو ملازم ملازمت ریاست سے موقوف یا برطرف کیا جاوے اور اپیل کرنے پر بحال کردیا جاوے تو وہ اپنی سابقہ ملازمت رخصت کیلئے محسوب نہین کرسکتا تاوقتیکہ عدالت اپیل صراحت نہ کرے کہ اسکی سابقہ ملازمت محسوب ہوگی

عہدہ کی بر قراری

(۱۱) دوران رخصت مین ملازم کو اپنی مستقل آسامی پر حق ملازمت حاصل رهیگا لیکن کسی عارضی آسامی پر یہہ حق حاصل نہ هوگا

Retention of appointment.

11. An Officer on leave has a lien on his substantive appointment but has no lien on any officiating appointment.

آغاز و اختتام رخصت

(۱۲) رخصت اس روز سے شروع هوتی هے جبکہ چارج دیا جاوے اور اگر چارج سہ پہر کو دیا جاوے تو دوسرےروز سے شروع هوگی- اسیطرح رخصت چارج دینے کی تاریخ سے ایک روز قبل ختم هوجاتی هے یا اگر چارج سہ پہر کو لیا جاوے تو اسی روز رخصت ختم شمار هوگی

(نوٹ) نمبر ۱ [الف] جو افسر رخصت منظور کرنیکے مجاز هین وہ کسی ملازم کی رخصت کے اول اور آخر جمعہ یا دوسری منظور شدہ تعطیل شامل کرنیکی منظوری دیسکتے هین ایسی اجازت حکم منظوری رخصت مین صاف طور سے درج هونا چاهیئے

(ب) اتفاقیہ رخصت مین تعطیلات اول و آخر دونوں ایک سال مین دو مرتبہ شامل کی جاسکتی هین لیکن تعطیلات اول یا آخر دونوں قسموں مین سے کوئی ایک قسم کی تعطیلات جب ضرورت هو شامل کیجاسکتی هین

(نوٹ) نمبر ۲ رخصتی ملازمین کو جوبعد ختم مدت رخصت اسٹیشن باسودہ یا بهوانی منڈی پر آچکین لیکن انکے قابو سے

Commencement and end of Leave.

12. Leave begins on the day on which the transfer of charge is effected or if the charge is transferred in the afternoon, on the following day. Similarly it ends on the day preceding that on which charge is resumed or if the charge is resumed in the afternoon on that day.

Note 1 :—(*a*) The authority empowered to sanction leave may allow an officer to prefix and affix Fridays or other authorised holidays to his leave. This permission should be *clearly recorded* in the order sanctioning the leave.

(*b*) Both prefixing and affixing holidays to casual leave can only be done twice a year, but prefixing or affixing can be done when required.

Note 2 :— Officials, who on expiry of leave may arrive at Basoda or Bhuwani-Mandi but may not be

باہر حالات کی بناپر جائے ملازمت پر نہ
پہونچ سکیں یعنی سرونج یا پڑاوہ- اپنی
ڈیوٹی پر شمار کیا جاویگا - اور باسودہ
بھوانی منڈی پہونچنے کا دن کار کردگی
میں شمار ہوگا

able to arrive at the places of their duty i. e. Sironj or Pirawa due to circumstances beyond their control, should be treated as on duty and the day of their arrival at Basoda or Bhuwani-Mandi reckoned towards active service.

واپسی بہ ملازمت

Return to duty.

(۱۳) جس ملازم نے رخصت حاصل کی ہو وہ اختتام رخصت سے قبل بلا منظوری افسر منظور کنندہ رخصت کام پر واپس نہیں آسکتا

13. An Officer who has taken leave must not rejoin before it expires without first obtaining the permission of the authority which granted him leave.

(نوٹ) رخصتی ملازمان ریاست جو اختتام رخصت سے قبل ڈیوٹی پر واپس آئیں- افسراعلیٰ متعلقہ سے اجازت حاصل کرکے کام شروع کرسکتا ہے - بشرطیکہ ایسی مدت ۱۰ دس یوم سے زائد نہ ہو اس غرض کے لئے منظور کنندہ آفیسر کی اجازت کی ضرورت نہیں ہے - البتہ کام پر واپسی کے متعلق آفیسر منظور کنندہ کو اطلاع کیجاویگی

Note:— State Officials, on leave, returning to duty before expiry of leave, may join duty with the permission of the Head of Deptt. concerned, provided such period may not exceed 10 days. Permission from the sanctioning authority will not be necessary for the purpose. The sanctioning authority will however, be informed of return to duty.

(۱۴) جس ملازم نے رخصت بوجہ بیماری حاصل کی ہو اُسکے کام پر واپسی کی اجازت ہو نیسے پیشتر بحالی صحت کا سرٹیفکٹ ایسے طبی افیسر کا دستخطی داخل کرایا جا سکتا ہے جسکی نسبت افسر منظور کنندہ رخصت ہدایت کرے-

14. An officer who has taken leave on account of ill-health may be required to produce before he is permitted to return to duty a medical certificate of fitness signed by such Medical Officer as the authority which granted him leave may direct.

(۱۵) اگر کسی ملازم کا عہدہ بزمانۂ رخصت تبدیل ہو جائے تو اُسے اِختتام رخصت پر نئی آسامی کا چارج لینا چاہئے تاوقتیکہ یہہ ظاہر نہ کیا جاوے کہ اِس تبادلہ کیلئے اُسکو اِسقدر کافی نوٹس نہیں ملا ہے کہ جسمیں وہ رخصت ختم ہو نیسے پیشتر نئے عہدہ کا چارج لے سکے تو اُسے کوئی جوائننگ ٹائم (ایام مابین) نہیں دئے جا وینگے۔

15. If the appointment of an office is changed during leave, he must jo his new appointment before leave ex pires. No joining time will be admissibl unless it can be shown that he did nc receive sufficient notice of the chang to enable him to take up the new a pointment before the termination c leave.

(۱۶) جوملازم رخصت ختم ہونے پر غیر حاضر رہے وہ ایسی غیر حاضری کے زمانہ کی تنخواہ کا مستحق نہوگا اور ایک ہفتہ کے بعد ملازم ریاست نہیں رہیگا۔

(نوٹ) ۱ اگر ممبر کونسل متعلقہ کے نزدیک اُس ملازم کے عذرات جو اپنی رخصت کے بعد غیر حاضر رہا ہو قابل اطمینان ہوں تو وہ اُس ملازم کو نقصان ملازمت سے سبکدوش کرسکتے ہیں زمانۂ غیر حاضری ہرحالت میں رخصت بلا تنخواہ میں شمار ہوگا۔ البتہ اُن ملازمین کے جنکے معاملات بحالی و برطرفی وغیرہ ایک ممبر کونسل کے اختیار میں نہیں ہیں ممبر متعلقہ کونسل میں پیش کرینگے۔ متعلقہ ملازم ریاست کی سابقہ مستحقہ رخصت استحقاقی سوخت نہیں ہوگی اگر وہ ملازم ریاست اختتام رخصت پر عمداً غیر حاضر ہو تو بہر کیف ملازمت سوخت ہو جا ئیگی۔

16. An officer who remains absen *after the end of his leave is entitled t* no pay for the period of such absenc and ceases to be in State employ afte a week.

Note 1 :— If the Member of th Council, concerned, consider that the reasons given by th officer for overstaying his leav are satisfactory, he may exemp him from loss of appointment but the period of absence shal invariably be treated as leav without pay. The cases of officer whose appointment etc., is no within the powers of individua Member of Council, shall be re erred by the Member concerne to the Council. But the amoun of privilege leave previously a the credit of State servant wi not be forfeited. Wilful absenc after expiry of leave will, how ever, entail forfeiture of servic

(نوٹ) ۲ اگر کوئی ملازم ریاست احکام تبادلہ صادر ہونے پر عذرداری کرے اور عذر داری کے تصفیہ کے دوران میں کار سرکار انجام نہ دیتا رہے یا تا صدور احکام التواء یا برقراری تبادلہ محکمۂ متعلقہ سے ایسا کرنیکی اجازت نہ دیجاوے تو اُسکو ایسی مدت کی تنخواہ نہ دیجاویگی اور وہ مدت رخصت بلا تنخواہ میں شمار کیجاویگی۔

* رخصت کی توسیع و تبدیلی اور دوسری رخصت میں شامل کیا جانا

(۱۷) وہ افسران جنکو رخصت دینے کے اختیارات حاصل ہیں قاعدہ نمبر (۱۹) کو مدنظر رکھتے ہوئے:—

(الف) کسی ملازم کو ہر قسم کی جائز رخصت شمول ہر دوسری قسم کی رخصت کے جو اسیطرح قابل منظوری ہو دے سکتے ہیں۔

(ب) کسی ملازم کو ہر قسم کی جائز رخصت کسی دوسری قسم کی منظور شدہ رخصت کے سلسلہ میں دیسکتے ہیں۔

(ج) کسی ملازم کی منظور شدہ رخصت کا کل یا کوئی جز دوسری قسم کی رخصت میں کسی سابقہ تاریخ سے تبدیل کر سکتے ہیں بشرطیکہ ابتداء رخصت کی منظوری کے وقت ملازم مذکور کو اُس رخصت کا حق حاصل ہو چکا ہو۔

(۱۸) قواعد ھذا کی رو سے ملازم ریاست

Note 2 :— If a State Servant under orders of transfer submits representations and does not continue to serve during the period of pendency of the case or is not allowed to do so by the Deptt., concerned, till orders postponing or confirming the transfer, are passed, he shall not be paid for such period, which shall be treated as leave without pay.

Combination, Extension and Commutation of Leave.

17. Subject to Rule 19 the authority which has power to sanction leave may:—

(*a*) grant to an officer any kind of leave admissible in combination with any other kind of leave so admissible.

(*b*) grant to an officer any kind of leave admissible in continuation of leave of any other kind, already taken.

(*c*) Commute the whole or any portion of any leave granted to an offiicer retrospectively into any other kind of leave, which was admissible to him when the original leave was granted.

18. Following classes of leave will

be admissible to a State employee under these Rules:—

1. Casual Leave.	3. Leave on Medical certificate.
2. Privilege Leave.	4. Leave without pay.

5. Leave for Pilgrimage.

Casual Leave

19. Ordinarily 15 days casual leave can be granted to a State Official in an official year; it shall not be granted in combination or in continuation of any other kind of leave.

Note 1 :— Absence on casual leave may, if circumstances so arise, be converted into regular leave which was admissible when the casual leave was originally granted.

Note 2 :— Casual leave can not be accumulated and any balance not availed of during the official year lapses at the end of the year.

Privilege Leave.

20. The amount of privilege leave earned by an officer is one-eleventh part of the time during which he has been on duty without interruption; provided that no privilege leave can be earned

کو حسب ذیل اقسام کی رخصت مل سکتی ہے۔

(۱) رخصت اتفاقیہ (۲) رخصت استحقاقی

(۳) رخصت بروئے سرٹیفکیٹ طبی۔(۴) رخصت بلا تنخواہ (۵) رخصت برائے حج۔

رخصت اتفاقیہ

(۱۹) ایک فصلی سال میں معمولی طور پر پندرہ روز کی اتفاقیہ رخصت کسی ملازم ریاست کو دیجا سکتی ہے یہہ رخصت کسی دوسری قسم کی رخصت کیساتھہ شامل کرکے یا اُسکے سلسلہ میں نہیں دیجا ویگی۔

(نوٹ) ۱ اگر ضرورت پیش آوے تو اتفاقیہ رخصت کسی ایسی با قاعدہ رخصت میں تبدیل ہو سکتی ہے جس کا اتفاقیہ رخصت کی ابتدائی منظوری کے وقت حق حاصل تھا۔

(نوٹ) ۲ رخصت اتفاقیہ جمع نہیں کیجا ویگی اور اُس رخصت کے بقیہ ایام جو ایک فصلی سال کے دوران میں کام میں نہیں لائے گئے ہیں اختتام سال پر خارج ہو جا وینگے۔

رخصت اِستحقاقی

(۲۰) مدت رخصت اِستحقاقی جس کا کسی ملازم نے حق حاصل کیا ہے وہ اُس زمانہ کا گیارھواں حصہ ہے جسمیں وہ اپنی ملازمت پر بلا خلل رہا ہے لیکن شرط یہہ ہے کہ استحقاقی رخصت کا کسی ملازم کو اُس زمانۂ ملازمت پر حق نہوگا جو اُسنے

اُسوقت گزارا ہے جبکہ اُسکو چار ماہ کی استحقاقی رخصت کا حق حاصل ہوچکا تھا- اور نیز جبکہ ملازمت میں خلل واقع ہو تو کل استحقاقی رخصت جو اُسوقت سے پہلے حاصل ہوچکی تھی کالعدم ہو گی- رخصت استحقاقی کا زمانہ اگرچہ خدمت سرکاری میں شمار نہیں ہوتا تاہم دفعہ ہذا و مابعد کی اغراض کیلئے اِس سے ملازمت میں خلل واقع نہیں ہوتا لیکن بجز اتفاقیہ رخصت کے دیگر قسم کی جملہ رخصتیں اورر خصت یا ایام مابین کے بعد وقت پر حاضر نہونا یا زمانۂ معطلی یا زمانۂ غیر حاضری بلارخصت خدمات سرکاری میں خلل شمار ہونگی-

by an officer by duty performed after he has at his credit the maximum of 4 months, and that whenever duty is interrupted all claim to privilege earned there-to-fore is forfeited, absence on privilege leave, though not counting as duty, is not an interruption of duty within the meaning of this article and next article, but absence on any other kind of leave except Casual leave, or overstayal after leave or joining time or suspension or absence without leave are interruptions of duty.

(نوٹ) حساب مندرجہ ذیل طریقہ پر کیا جاویگا- ہرگیارہ انگریزی مہینوں کی مکمل ملازمت پر ایک انگریزی مہینہ اور بقیہ ہرگیارہ روز پر ایک روز-

Note:— The calculations must be made as follows:— One calendar month for every eleven complete calendar months of duty, and one day for eleven days of the balance.

(۲۱) استحقاقی رخصت جو کسی ملازم کو مل سکتی ہے وہ وہ ہے جس کا ملازمت میں خلل کے بعد اُس نے حق حاصل کیا ہے اُسمیں سے وہ زمانہ منہا کردیا جاویگا کہ جسمیں ملازم مذکور استحقاقی رخصت پر رہاہے- شرط یہہ ہے کہ کسی ملازم کو ایک وقت میں چار ماہ سے زیادہ رخصت کا حق حاصل نہ ہوگا-

21. The privilege leave due to an officer is the privilege leave which he has earned since the last interruption of duty, less the period during which he has been absent on privilege leave, subject to a maximum of four calendar months at one time.

۲۲—جوملازم رخصت استحقاقی حاصل کرے وہ بجز اُن صورتوں کے جو قاعدہ نمبر ۲۳ میں درج ہیں اُس تنخواہ کے برابر جو اس آسامی پر کام کرنے کی حالت میں اسے ملتی جس سے رخصت حاصل کیگئی ہے الاؤنس رخصت پانیکا مستحق ہوگا ملازمان مندرجہ

22. Except as provided in Rule 23 an officer on privilege leave is entitled to a leave allowance equal to the pay which he would receive if he were on duty on the appointment on which he

ضمیمہ الاؤنس رخصت پانیکے مستحق ہونگے بشرطیکہ
رخصتی ملازم کے بجائے کوئی دوسرا شخص نہ رکھا
گیاہو ورنہ صرف نصف الاؤنس رخصت قابل اداہوگا

has a lien. In the case of officials mentioned in the appendix the leave allowance will be admissible if no substitute is engaged in the place of the absentee otherwise only half of leave salary will be admissible.

(نوٹ) تابع شرائط قاعدہ نمبر ۱۳ قانون سفر
خرچ ایک ملازم رخصت استحقاقی کے زمانے
کاکرایہ مکان والاؤنس اسپ یاسواری حاصل
کرسکتاہے بشرطیکہ کوئی عیوض خدمت
ایسا نہ رکھا گیا ہو جو انکے پانیکا
مستحق ہو۔

Note :— A house rent, horse, or conveyance allowance may be drawn by an officer on privilege leave if there is no locumtenens who is entitled there to subject of course to Rule 13 of the Travelling allowance Rules.

۲۳—ایسے محکمہ جات میں ملازمان کو استحقاقی
رخصت کا حق نہوگا جہاں باقاعدہ تعطیلات ہوتی ہین
جسمین کہ ملازمین کو اپنی ڈیوٹی سے چلے جانیکی
اجازت ہوتی ہے مثلاً سررشتہ تعلیم لیکن سخت ضرورت
کی حالت مین معمولی قواعد کے ماتحت استحقاقی
رخصت نصف تنخواہ پر منظور ہوسکیگی جیسا کہ
قاعدہ نمبر ۲۲ کے تحت مین اجازت رکھی گئی ہے۔

Sec. 23. Privilege leave is not admissible to officers serving in departments in which regular vacations are allowed, during which officers are permitted to be absent from duty, e.g., Education Department. But in case of urgent necessity, privilege leave may be granted under the ordinary rules on half the pay ordinarily admissible under Rule 22.

(نوٹ) ۱ جو ملازم حکماً تعطیلات کے کل یاجز
سے فائدہ حاصل کرنیسے باز رکھاجائے وہ
زمانہ رخصت استحقاقی پوری تنخواہ
اس عرصہ تک حاصل کرسکیگا جسکا تناسب
ایک ماہ مین اتناہی ہوگا جو زمانہ کارکردگی
کا کل ایام تعطیلات کے ساتھہ ہے۔

Note 1 :— An Officer, who is, by order, prevented from availing himself of a part or whole of a vacation may, during privilege leave, draw his full pay for a period bearing the same proportion to a month, as the time spent on duty during the vacation bears to the whole vacation.

(نوٹ) ۲ جوملازم غیر تعطیل محکمہ سے ایسے محکمہ میں تبدیل کیاجاوے جہاں تعطیلات ہوتی ہین تواوسکووہ رخصت جو معمولی قواعد کی روسے واجب ہو مل سکیگی-

Note 2 :— An Officer transferred from a non-vacation to a vacation department carries with him the leave due to him under the ordinary rules.

(نوٹ) ۳ جوملازم تعطیل والے صیغہ سے غیر تعطیل والے صیغہ مین تبدیل کیاجاوے وہ اس زمانہ کا جو اسنے آخری تعطیل کے بعد سے تعطیل والے صیغہ مین گذاری معمولی قواعد کے تحت مین رخصت شمار کرنیکا مستحق ہوگا بہر حال بوقت تبادلہ اگر وہ ملازم حسب نوٹ نمبر ۱ کسی استحقاقی رخصت معہ تنخواہ کا مستحق ہے تو یہہ زمانہ بھی اسمین شمار کیا جاویگا-

Note 3 :— An Officer transferred from a vacation to a non-vacation department counts for privilege leave under the ordinary rules the period spent by him in the vacation department from the close of the last vacation enjoyed by him. If, however, he had to his credit at the time of his transfer, any privilege leave on full pay admissible to him under Note (1) the amount of such leave shall also be added.

(نوٹ) ۴-الف) ملازمان محکمہ تعلیم کو ایک سال مین ۱۵ یوم کی رخصت معہ تنخواہ بالعوض ان ایام تعطیلات موجودہ ۱۵ یوم کے دیجا سکیگی جو کم کردیگئی ہیں-

Note 4 :—(*a*) Officials of Education Department may be allowed 15 days' leave with pay in a year, in lieu of the present number holidays having been curtailed by 15 days.

(نوٹ) ۴-ب جملہ ملازمان محکمہ تعلیمات کو جنکو تعطیلات موسم گرما مین کام کرنے کا حکم دیاجاویگا ایک سال مین ایک ماہ کی رخصت استحقاقی دیجاویگی

(*b*) All employees of Education Department, who are ordered to work during summer vacations may be allowed one month's privilege leave in a year.

(۲۴) وہ ملازمان جن کی رخصت استحقاقی قاعدہ نمبر ۲۳ کے تحت میں آتی ہے- اس مدت کے عیوض مین جس کے لئے نصف تنخواہ کا حق اُنہیں حاصل ہے- نصف مدت تک سالم تنخواہ پر رخصت استحقاقی کی رعایت حاصل کرسکینگے بشرطیکہ جو رخصت سالم تنخواہ پر اس قاعدہ کے موافق اُنہیں دیجاوے اسکی مجموعی تعداد ایک ماہ سے متجاوز نہ ہوگی

24. Officers whose privilege is reg lated by Rule 23 may be allowed th concession of privilege leave on full p for half the period admissible to the on half pay, provided that the leave full pay admissible under this rule do not accumulate beyond one month.

رخصت بربنائے سرٹیفیکٹ طبی

Leave on Medical Certificate.

(۲۵) طبی سرٹیفیکٹ کی بناء پر کل مدت ملازمت مین دو سال کی رخصت منظور ہوسکیگی لیکن ایک وقت تین ماہ سے زائد رخصت نہین دیجاویگی- اس رخصت کے زمانہ مین نصف تنخواہ دیجاسکتی ہے

25. Leave on Medical certifica may be granted for two years in t whole service but not for more th three months at one time. Half p may be allowed during this leave.

(نوٹ) احکام تبادلہ صادر ہونے پر کوئی سرٹیفیکٹ متعلق خرابی صحت قبول نہین کیا جاویگا تاوقتیکہ وہ چیف میڈیکل آفیسر یا پرگنہ میڈیکل آفیسر سے حاصل نہ کیا گیا ہو؛

Note :— Under orders of transfer medical certificate for ill hea th will be accepted unless it obtained from the C. M. O. Purgnah Medical Officers.

رخصت بلا تنخواہ

Leave without pay,

(۲۶) ضرورت کے موقعوں پر اور ایسی صورتوں مین جبکہ کوئی دوسری قسم کی رخصت قابل منظوری نہ ہو تو رخصت بلا تنخواہ تابع شرائط مندرجہ قاعدہ نمبر ۳ ایسی مدت کے لئے جو ضروری ہو منظور کیجاسکتی ہے

26. Leave without pay may, in c ses of necessity, and no other kind leave is admissible, be granted for su time as may be necessary subject the provisions of Rule 3.

بطور استثنائے از قاعدہ نمبر ۶ ایسے ملازمین کو جو مستقل عہدہ نہین رکھتے ہین اشد ضرورت کے موقعون پر اس قسم کی رخصت دیجاسکتی ہے

As an exception to Rule 6 Offic without substantive appointment in cases of urgent necessity be grant leave of this kind.

۲۶ (الف) جائز ہے کہ بمنظوری کونسل- جوڈیشل- تعمیرات- میڈیکل- زراعتی و صنعتی محکمہ جات کے عہدہ داران اور سررشتہ تعلیم کے گریجویٹ کو نصف تنخواہ پر (علاوہ الاؤنس کے) دوسال تک کی تعلیمی رخصت (Study leave) بشرطیکہ وہ اصل باشندۂ ریاست ہو عطا کیجاوے مگر شرط یہہ ہے کہ

26. (*A*.) With the sanction of the Council, Study Leave on half pay (excluding allowances up to a period of two years may be granted to an officer of the Judicial, Public works, Medical, Agricultural and Industries Departments and to a graduate of the Educational Department, who is a bonafide resident of Tonk, provided that-

(الف) اس عہدہ دار نے ریاست مین کم از کم پانچ سال تک ملازمت کرلی ہو

(ب) وہ عہدہ دار تعلیم یا تربیت جو اسکے محکمہ کے لئے مفید ہو اپنے صرفہ سے حاصل کرنیکی غرض سے ریاست ٹونک سے باہر جاوے

(*a*) The Officer has served the State for at least five years, and

(*b*) he proceeds out of Tonk State at his own expense for the purpose of Study or receiving training useful to his Department.

جائز ہے کہ اگر کوئی استحقاقی رخصت چار ماہ تک موجود ہو تو وہ تعلیمی رخصت مین شامل کرلیجاوے لیکن اسطرح شامل کرنے پر کل مدت رخصت دوسال سے تجاوز نہ کرے

Any privilege leave due upto a limit of four months may be combined with Study Leave but the total leave so combined may not exceed two years.

نوٹ ۱- قواعد ہذا کے تحت جو عہدہ دار رخصت سے مستفید ہونا چاہے اسکو چاہئیے کہ کونسل مین دو معتبر ضمانتیں پیش کرے اور ایک معاہدہ پیش کرے کہ وہ رخصت سے واپس ہونیکے بعد ریاست مین کم از کم چار سال تک ملازمت کریگا یا تعلیمی رخصت کے زمانیکی محصلہ تنخواہ واپس کریگا۔

Note 1 :— The Officer proposing to avail himself of leave under this rule must furnish the Council with two reliable sureties and execute an agreement, binding himself to serve the State for at least four years after his return from or refund the pay drawn during his study leave.

نوٹ ۲—جس درسگاہ مین وہ عہدہ دار جاوے
وہان کے افسر بالا کا ہر تین ماہ مین سرٹیفکٹ
پیش کرے کہ وہ باقاعدہ پڑہ رہاہے-

Note 2 :— The Officer will furnish every three months a certificate from the head of the institution he joins to the effect that he is regularly attending.

رخصت برائے حج

Leave for Pilgrimage.

۲۷—ایسے ملازمان ریاست کو جو حج کے لئے
مکہ معظمہ جانیکے خواہش مند ہون سرکار عالی
دام اقبالہ کی منظوری سے سالم تنخواہ پر رخصت
دیجاسکتی ہے جسکی مدت چہہ ماہ سے متجاوز نہ
ہوگی اس مدت مین سے دو ماہ خاص طور پر
رخصت حج معہ سالم تنخواہ مین شمار ہونگی اور
بقیہ زمانہ رخصت استحقاقی مین محسوب ہوگا
اور جو حصہ رخصت منظوری کے وقت واجب نہو وہ
پیشگی متصور ہوگا اور آئندہ رخصت کے حساب
مین مجرالیاجاویگا مزید رعایت کے طور پر ایسے
زائرین کو زمانہ رخصت کی تنخواہ پیشگی
دیجاویگی لیکن جب تک جہاز کرایہ نہ کرلیاجاوے
یہہ پیشگانہ ادانہ کیاجاویگا-

27. Officers of State desirous of going on Pilgrimage to Mecca may be granted leave for a period not exceeding six months on full pay with the sanction of His Highness. Two months will count as Special Pilgrimage leave on full pay the remainder of the leave taken will be accounted for in the privilege leave and any portion not due at the time the leave is sanctioned will be considered as in advance and deducted from the future leave account. As a further concession such pilgrims may be allowed an advance for their leave salary. This advance will not be granted until the passage has been booked.

نوٹ—یہہ دفعہ صرف ریاست کے اصلی باشندگان
پر حاوی ہوگی جو کونسل ریاست کو مطمئن کردین
کہ انکی مالی حالت اور حیثیت ایسی ہے کہ انکو
ریاست سے ایسی امداد کی ضرورت ہے-

Note :— This is only applicable to the bonafide residents of the State, who can satisfy the State Council that their pecuniary condition and status is such as require this assistance from the State.

طریق عمل

Procedure.

۲۸—رخصت کی درخواست افسر مجاز کی
خدمت مین ضابطہ سے منظوری کے لئے اس قدر

28. An application for leave should be submitted through the official chan-

عرصہ پیشتر پیش کیجاوے کہ حکم ہونے پر تاریخ روانگی سے قبل منظوری رخصت کی اطلاع مدعی کو مل سکے درخواست کے ساتھہ مندرجہ ذیل کاغذات شامل ہونا چاہئیں

nel to the authority authorised to sanction such leave sufficient time in advance to enable orders to be passed and communicated before the date of availing. The application should be accompanied by

(۱) ایک نقشہ جسمین تاریخ تقرر- رخصت حاصل کردہ سابق اور حساب رخصت جو بروئے قواعد واجب ہو-

(1) a statement giving the date of appointment, the period of leave already taken, and the calculation of leave due under the Rules,

(۲) افسر محکمہ کا ایک سرٹیفکٹ بدین خلاصہ کہ نقشہ کے اندراجات سروس بک و دیگر سرکاری کاغذات سے تصدیق ہوچکے ہیں اور رخصت مطلوبہ قابل منظوری ہے افسر محکمہ کو حکام بالا دست کے پاس درخواست پیش کرے وقت منظوری یا عدم منظوری رخصت اور رخصت گیرندہ ملازم کے کام کے مجوزہ انتظام کے بارے مین اپنی رائے درج کرنا چاہئیے-

(2) a certificate from the Head of Office to the effect that the entries in the statement have been verified from Service Book and other official records and the leave applied for is admissible. The Head of Office should also, while forwarding the application to any higher authority, make his recommendations regarding the grant or otherwise of the leave and the arrangement proposed for the absentee's work.

(نوٹ) اگر کسی صورت مین شبہ واقع ہو تو افسر منظور کنندہ کو لازم ہے کہ ان عہدہ داران کی رخصت کی تصدیق جسکی تنخواہ ایکسو روپیہ ماہانہ یا اس سے زائد ہو محکمہ جانچ سے حاصل کرین

Note :— In cases of doubt the sanctioning authority should obtain a verification of leave of officers drawing Rs 100/-/- P.M. or above, from the Audit Office.

۲۹—رخصت کی جو درخواستین بر بنائے

29. Applications for leave on Medi-

سرٹیفکٹ طبی پیش ہون اُنکے ساتھہ درخواست
گذار کے معالج کا سرٹیفکٹ پیش ہونا ضروری ہے
بیماری کی کیفیت اور جوزمانہ غیرحاضری درخواست
گذار کے حصول صحت کے لئے قطعی طور پر سے
ضروری خیال کیاجاوے وہ صاف طور پر سے اس
سرٹیفکٹ مین درج ہونا چاہئے افسر منظورکنندہ
رخصت اگر مناسب خیال کرین تو درخواست گذار
کے پیش کردہ طبی سرٹیفکٹ پر اسٹیٹ سرجن
یا سب اسٹیٹ سرجن کی تصدیق طلب کرسکتے
ہین جوملازم ۶۰ یا اس سےزیادہ تنخواہ پارہے ہین
انکے سرٹیفکٹ پر اسٹیٹ سرجن یا برٹش انڈیا
کے کمیشن یافتہ میڈیکل افسر کی تصدیق ہونا
چاہئے-

cal Certificate must be accompanied by a certificate from the applicant's medical attendant. The certificate should distinctly state the nature of the illness and the period of absence from duty considered to be absolutely necessary for the restoration of the applicant's health. The officer sanctioning leave if he thinks fit, may require the countersignature of the State Surgeon or a Sub Assistant Surgeon to the Medical Certificate produced by applicant. In the case of officer drawing Rs. 60 and above this certificate should be countersigned by the State Surgeon or by a Commissioned Medical Officer in British India.

۳۰—جبکہ رخصت منظور ہوجاوے تو اصل
کاغذات معہ نقشہ حساب آڈٹ رجسٹر کی تکمیل
کےلئے محکمہ جانچ مین بھیجنا چاہئین بعدتکمیل
کاغذات واپس کئے جاوینگے

30. When leave is sanctioned the original papers together with the calculation sheet should be forwarded to the Audit Office for posting up the Audit register of Establishment and return.

منظوری کا عمل

۳۱—جس تاریخ سے رخصت کا اجراء منظور
کیاگیاہے- اسکے بعد اگر ایک ماہ تک ملازم رخصت
سے فائدہ حاصل نہ کرےتو وہ منظوری خارج تصور
کیجاویگی-

Currency of Sanction.

31. If an officer does not avail himself of leave for one month from the date on which the leave is sanctioned to take effect the sanction will be considered as having lapsed.

الاؤنس رخصت کی ادائیگی

۳۲—رخصت کا الاؤنس ہر انگریزی ماہ کے
اختتام کے بعد قابل ادا ہونگے- اور یہہ الاؤنس اُس

Payment of Leave Allowance.

32. Leave allowance are payable after the end of each calendar month

دفتر کے ماہواری بل کے ساتھہ ہی ادا ہونگے جسمین کہ رخصتی ملازم کام کرتاہے۔

and are drawn only in the monthly bills of the office in which the officer on leave is employed.

رخصت قبل از سبکدوشی

Leave preparatory to retirement.

۳۳— ملازمت سے سبکدوشی کے بعد رخصت استحقاقی یا اسکے عیوض تنخواہ کی درخواست قابل پذیرائی نہوگی۔

33. No application for privilege leave or pay in lieu of the same shall be entertained after retirement.

جن حالتون مین رخصت استحقاقی قبل از سبکدوشی کی درخواست پیش ہو اور منظوری دیجاوے تو اسکی انتہائی میعاد تین ماہ تک محدود ہوگی۔

In cases where privilege leave is applied for and given preparatory to retirement, it shall be limited to a maximum of three months.

نوٹ:— ہر ملازم سرکار کو اسکی رٹائری کے بارہ مین کافی نوٹس دیا جانا چاہئے تاکہ تاریخ رٹائری سے پیشتر وہ اپنی مستحقہ رخصت کی درخواست کرسکے۔

Note:—Every State Servant should be given sufficient notice in respect of his retirement to enable him to put a claim for leave due to him before the date of retirement.

الاؤنس انچارجی

Acting Allowance.

۳۴— الاؤنس انچارجی- کسی ملازم کی تنخواہ کے علاوہ اُس وقت دیاجاتاہے جب وہ کسی ایسی آسامی پرکام کرے جسکا اصل ملازم یا تو موجود ہی نہو یا اپنے کام پر حاضرنہو۔

34. The acting allowance is the allowance, given in addition to substantive pay, to an officer who is appointed to officiate in an appointment of which either there is no holder or of which the holder is an absentee.

نوٹ — الاؤنس انچارجی بحالت رخصت اگر کوئی جگہ خالی ہو تو صرف ایسی صورتونمین دیا جاویگا جبکہ

Note :— The acting allowance will only be given in a leave vacancy if

(الف) وہ جگہ تیس دن سے زائد رخصت معہ تنخواہ کے لئے خالی رہے

(*a*) the vacancy is for more than 30 days on full pay; and

(ب) وہ جگہ پندرہ دن سے زائد رخصت نصف تنخواہ یا رخصت بلاتنخواہ کیلئے خالی رھے

(ج) تابع شرائط مندرجہ قاعدہ نمبر ۳۶ قواعد رخصت

(*b*) in a vacancy caused by leave with out pay and leave on half pay in excess of 15 days.

(*c*) subject to conditions laid down in Rule 36.

۳۴ (الف) اگر مفاد ریاست میں قطعی ضروری ہو تو انچارجی ترقیات گریڈ بہ گریڈ تابع انقطاعی منظوری ممبر صاحب بہادر فنانشل عمل میں لائی جاویں تنخواہ ایسی صورتونمیں اس تنخواہ سے متجاوز نہ ہوگی جو مستقل عہدہ دار آسامی کو ملتی تھی بہرکیف یہہ امر ممبر صاحب بہادر انچارج کے صوابدید پر ہوگا کہ انچارجی تقررات کیلئے جو تنخواہ مناسب خیال کریں اندرون قید مذکورہ بالا اسکی سفارش کریں۔

34A. If at all necessary in the interest of the State, officiating promotions from grade to grade may be made, subject to the final approval of the Finance Member. The pay in such cases shall not exceed that drawn by the substantive holder of the post. It would how-ever, be at the discretion of the Member in charge to recommend any salary that may be deemed fit, for the officiating appointments within the above limit.

۳۵—عام قاعدہ یہہ ہوگا کہ ایسے ملازم کی جگہ کا کام جو صرف رخصت استحقاقی پر گیا ھے ایسے دوسرے ملازم کے سپرد ہونا چاھئے جو اسی مقام پر ہو صرف خاص صورتونمیں کسی دوسرے مقام سے تبادلہ کیا جاسکیگا۔

35. As a general rule, the duties of an officer absent on privilege leave taken by itself shall be discharged by an officer in the same station. Only in exceptional case can the transfer of an officer from another Station be allowed.

۳۶—کوئی مستقل آسامی رکھنے والا ملازم جو دوسری آسامی پر متعین کیاجاوے الاؤنس انچارجی حاصل نہیں کریگا تاوقتیکہ عہدہ انچارجی میں ایسے فرائض و ذمہ داریان انجام دینا نہ ہون جو مقابلتاً زیادہ اھمیت کی یا مختلف قسم کی ہون

36. An officer holding one appointment substantively, who is appointe[illegible] to officiate in another shall not dra[illegible] acting allowance unless the officia[illegible] appointment involves the assumptic[illegible] of duties or responsibilities of greate[illegible]

اگر دونوں عہدے ایک ہی شرح تنخواہ کے ہوں تو شرط پوری نہ ہوگی۔

importance or of a different character. This condition is not fulfilled if the two appointments are on the same scale of pay.

۳۷—کسی انچارج ملازم کا الاؤنس اس تنخواہ کے ۲۰ فیصدی سے متجاوز نہ ہوگا جو اس آسامی کے لئے مقرر ہے جس پر کہ وہ کام کررہاہے اورافسر مجاز خالی جگہ کو پر کرتے وقت ہرایک صورت میں رقم کا تعین کریگا۔

37. The acting allowance of an officiating officer shall not exceed 20 % of the minimum pay of the appointment in which he officiates and the authority competent to fill the vacant post will determine the amount in each case.

نوٹ ایکٹنگ الاؤنس ہاء ممبر صاحب بہادر فنانشل کی منظوری کے بغیر ادا نہیں ہوسکتے۔

Note :— Acting allowances are admissible subject only to approval by the Finance Member.

ضمیمہ

Appendix.

عملہ جات محولہ قاعدہ نمبر ۲۲ کی فہرست حسب ذیل ہے۔

The following is a list of establishment referred to in Rule 22.

(۱) ملازمان درجہ ادنیٰ جنکی صراحت قانون پنشن کے قاعدہ نمبر ۲۱ میں درج ہے۔

(۲) پٹواریان

(۳) گرداوران

(۴) وہ عملہ جس کی تنخواہ مد کنٹنجینٹ سے اداہو

(۵) تعلقداران شحنگان وغیرہ

(۶) چوکیداران۔

1. Inferior servants as defined in Rule 21 of Pension Rules.
2. Patwaries.
3. Girdawars.
4. Establishment paid from contingencies.
5. Taluqdars, Shehnas, etc.
6. Chowkidars.

PART II.

Tonk State Pension and Gratuities Rules.

حصہ دویم

قواعد متعلق عطائے معمولی پنشن و انعام
ریاست ٹونک

Part II.

Rules relating to the grant of ordinary pensions and gratuities, for the services in the Tonk State.

آرڈر (حکم)

بہ تنسیخ جملہ احکام سابقہ حضور نواب صاحب بہادر دام اقبالہٗ بمشورہ اسٹیٹ کونسل حکم ہوا کہ منسلکہ شدہ قواعد بابت عطائے پنشن و انعام معمولی بہ ملازمان ریاست ٹونک منظور فرماتے ہیں۔ یہہ امر بہر حال بخوبی ذہن نشین رہنا چاہئے کہ پنشن و انعامات عطا کرنیکا معاملہ کلیتاً دربار عالی وقار دام اقبالہٗ کی خوشنودی پر منحصر ہے اور جبکہ کسی عہدہ دار کا حق پنشن تسلیم ہوجاوے تو اسکا عمل قواعد ھذا کے مطابق ہوگا۔

Order.

In supersession of all previous orders His Highness the Nawab Sahib, with the advice of his State Council, is pleased to sanction the Rules appended to this order for the grant of ordinary pensions and gratuities in the Tonk State. It should however be clearly understood that the grant of pensions and gratuities rests entirely on the pleasure of the Darbar, and when an officer's claim to pension is admitted, it will be regulated by these rules.

پنشن ہائے غیر معمولی (مثلاً پنشن ہائے سیاسی و پنشن ہائے مجروحین وغیرہ) عطا فرمانے یا روکنے کے کامل اختیارات دربار عالی وقار دام اقبالہٗ تفویض خاص میں رکھتے ہیں۔

His Highness is pleased to reserve to himself full powers of granting or with-holding extra-ordinary pensions, e.g., Political Pensions, Wound and Injury pensions, etc.

قواعد ھذا کا نفاذ یکم مارچ سنہ ۱۹۳۲ء سے ہوگا۔

These rules will take effect from 1st March, 1932.

اور ان قواعد کی تعبیر کے اختیارات صرف محکمہ فنانشل کو ہونگے۔

The power of interpreting these Rules is reserved to the Finance Department.

قواعد

باب اول

(قواعد عامہ)

۱—ریاست کے جملہ ملازمان ملکی و فوجی کی پنشنون کا اجراء قواعد ھذا کے بموجب عمل مین آویگا-

۱—(الف) پینشن یا انعامات ایسے اشخاص کو قابل ادا ھین جو ملازمت ریاست مین اسوقت ھون جبکہ کوئی پنشن یا انعامات دئے جاوین اسیطرح کسی قسم کی تبدیلیان یا ترمیمات محض ان اشخاص پر اثر انداز ھونگی جو واقعی اسوقت ملازمت کررھے ھون جبکہ ایسی تبدیلیان یا ترمیمات جاری کیگئی تھین-

۲—ھر پنشن کے عطا کرنے مین نیک چلنی آئندہ ایک معنوی شرط ھوگی اگر کوئی پنشنر کسی سنگین جرم مین سزایاب ھو یا سخت بداعمالی یا بےوفائی کا مجرم ھو تو دربار عالی وقار دام اقبالہٗ پنشن یا پنشن کے کسی جزو کو روکنے یا بند کرنے کے اختیارات اس تفویض خاص مین رکھتے ھین-

وہ صورتین جنمین حق پنشن تسیلم نہین کیا جاویگا-	۳—پنشن کا کوئی حق تسلیم نہین کیاجاویگا-

(الف) جبکہ کوئی شخص صرف ایک محدود مدت کے لئے یا محض کام کے لئے مقرر

Rules.

Chapter I.

General Rules.

1. The pension of all State employees Civil and Military, will be regulated by these Rules.

(*A*) Pensions or gratuities are payable to such persons as are in State service at the time and pensions or gratuities are authorised. Similarly any changes or modifications will affect only such persons, who are actually serving at the time such changes or modifications were introduced.

2. Future good conduct is an implied condition of every grant of pension. The Darbar reserve to themselves the right of with-holding or withdrawing a pension or any part of it, if the pensioner be convicted of serious crime or guilty of grave misconduct or disloyalty.

3. *Cases in which claims are inadmissible.* No claim to pension is admitted:—

(*a*) When a person is appointed for a limited time only, or fo

کیاجاوے جسکے اختتام پر وہ برطرف
ھوجاویگا یا جس صورت مین که کسی
شخص کا پورا وقت ملازمت ریاست
کے لئے مصروف نه کیا جاوے بلکه اسکو
صرف اس کام کا معاوضه دیاجاتاھے جو
وہ ریاست کے لئے انجام دے-

a specified duty on the completion of which he is to be discharged, or when a person's whole time is not retained for the State service, but he is merely paid for the work done for the State.

(ب) جبکه کوئی شخص بلا مخصوص تعین
مدت وفرائض- ماھواری‌اجرت پرعارضی
طور پر ملازم رکھاجاوے یاجبکه وہ عمله
ذات خاص یا پٹوار یان‌مین ملازم ھوے

(*b*) When a person is employed temporarily on monthly wages without specified limit of time or duty or when he is employed in Household or Patwar Establishment.

استحقاق بیوگان | ۴- چونکه ھر ملازم ریاست کا
بذات خود یهه فرض ھے که اپنےاھل‌وعیال کی پرورش
کا انتظام کرے لهذا ان خدمات کے صله مین جوکسی
شخص نے انجام دی ھین ریاست اسکی بیوہ کا حق
متعلق پنشن تسلیم نهین کرتی اور باستثنائے مدت
شاذ و نادر صورتونکے رول ھذا کے خلاف جو سفارش
ھوگی وہ مسترد کیجاویگی-

4. *Claims of Widows*—It being the duty of every state servant himself to provide for his family the State recognizes no claim by widow for pension on account of the services of her husband and will, except in very rare cases, reject recommendations made in the contravention of this rule.

قیود | ۵- کوئی عہدہ دار ایک عہدہ پر ایک
ھی مدت مین یا ایک ھی مسلسل ملازمت کی رو
سے دو پنشن حاصل نهین کر سکتا- ایک عہدہ کے
سلسله مین دو عہدہ دار بیک وقت ملازمت
محسوب نهین کرسکتے-

5. *Limitations*—An Officer can not earn two pensions in the same office at the same time or by the same continuous service. Two officers may not simultaneously count service in respect of the same office.

باب دوم

وہ صورتین جنسے ملازمت قابل پنشن شمار ھو

Chapter II.

Conditions of qualifying service.

ابتدائی ملازمت | ۶- کسی عہدہ دار کا جو اعلیٰ
سروس مین ھو حق پنشن اسوقت تک شروع نهین

6. *Beginning of Service*:—An officer's superior service does not begin to

ہوتا جب تک کہ وہ بیس سال کی عمر پوری نہ کر لے-

qualify for pension till he has completed twenty years of age.

نوٹ—ان معاملونمیں جنمیں کہ ملازم ریاست کا ماہ پیدائش معلوم نہو- ماہ جولائی کو ماہ پیدائش تصور کیا جانا چاھئیے اور جبکہ تاریخ پیدائش نہ معلوم ہو تو ماہ پیدائش کی ۱۶ تاریخ کو تاریخ پیدائش متصور کیاجانا چاھئیے-

Note 1 :—In cases in which the month of birth of a state servant is not known the month of July should be taken as month of birth and when the date of birth is not known, the 16th of the month of the birth should be treated as date of birth.

نوٹ ۲—ملازمان ریاست کی تواریخ پیدائش تابع شرائط مندرجہ ذیل قبول کیجاوین

Note 2 to Secs. 5 & 6:-Dates of births of State servants may be accepted only on any of the following authorities :—

(۱) بربنائے سرٹیفکٹ ھائے امتحانات جوملازمان ریاست نے ایسے تعلیمی ادارہ جات سے پاس کئے ھون کہ جنکو گورنمنٹ ھند نے مستند قرار دیا ھو-

1. Certificates of Examinations passed by the State employees from the institutions recognised by the Government of India.

(۲) ایسے زائچون (جنم پتریون) کی بنا پر کہ جو افسر محکمہ کے نزدیک اطمینان بخش ھون بصورت اشتباہ انکی تصدیق میونسپل کمیٹیون سے کرائی جانی چاھئیے-

2. Horoscopes, satisfying the head of department, which in case of doubt may be got certified by the Municipal Committee.

(۳) ان صورتونمیں کہ جہان نمبر ۱ و نمبر ۲ مندرجہ بالا کا اطلاق نہو- میونسپل کمیٹیون کے ریکارڈ کی بناء پر کہ جنمیں باشندگان شہر کی پیدائشون کےمتعلق مفصل حالات درج ھوتے ھین-

3. Where No. 1 and 2 are not applicable, Municipal Records, where-in detailed information in regard to births of citizens is mentioned.

(۴) ان صورتوں میں کہ جو مندرجہ بالا نمبران کے تحت میں نہ آویں سرٹیفکٹ ہائے ڈاکٹری کی بناپر کہ جو شفاخانہ جات ریاست ہذا کے میڈیکل افیسران حسب ذیل نمونہ پر دینگے۔

4. In cases other than those, falling under the above categories. Medical certificates to be granted by the Medical Officers incharge of State Hospitals on the following form:—

سرٹیفکٹ بابت عمر ملازم ریاست جو بوقت ابتدائی ملازمت ہو۔

Medical Certificate of Age Of Entrant to State Service.

"میں ذریعہ ہذا تصدیق کرتا ہوں کہ زید بکر- کی عمر اسکے بیان کے بموجب سال اور بظاہر تقریباً سال کی ہے"

„I here-by certify that A.B.'s age is according to his own statement............ years and by appearance............ years."

دستخط میڈیکل افسر

Medical Officer.

۷- ادنی سروس میں ملازمت سولہ سال کے بعد سے محسوب ہوگی۔

7. *In the case of inferior service*,-service counts after the age of 16 years.

نوٹ—نوٹ زیر قاعدہ نمبر ۹ قاعدہ ہذا پر بھی حاوی ہے۔

شرائط استحقاق | ۸—کسی عہدہ دار کی ملازمت قابل پنشن نہیں ہوتی تاوقتیکہ وہ حسب ذیل تین شرائط کے مطابق نہو۔

8. *Conditions of qualification*-The service of an officer does not qualify for pension unless it conforms to the following three conditions:—

اول—ملازمت ریاست کی ماتحتی میں ہوگی

First—The service must be under the State.

دوم— ملازمت اصل عہدہ پر اور مستقل ہو۔

Second—The employment must be substantive and permanent.

سوئم—اس ملازم کی تنخواہ ریاست سے دیجاتی ہو مذکورہ سہ شرائط کی قواعد مندرجہ ذیل میں پوری صراحت ہو رہی ہے

Third—The service must be paid by the State. These three conditions are fully explained in the following rules.

شرط اول | ۹—کسی عہدہ دار کی ملازمت

9. *First Condition*- The service of

قابل پنشن نہیں ہوگی تاوقتیکہ وہ ریاست کا
مقرر کیا ہوا اور اسکے فرائض اور تنخواہ ریاست
کے زیر انتظام نہ ہو۔

officer does not qualify unless he is ap-
pointed and his duties and pay are r
gulated by the State.

ذیل میں مثلاً وہ عہدہ دار درج کئے جاتے ہیں
جو قاعدہ ہذا کے تحت میں پنشن سے خارج رہینگے

The following are examples of offi
cers excluded from pension by this ru
les :—

(۱) ملازمان میونسپل کمیٹی
(۲) ملازمان مدارس امدادیہ
(۳) ماتحت ملازمان جو خزانچیان رہیں ذمہ
داری پر ملازم رکھیں۔

1. Officers of Municipality.
2. Officers of Grant-in-aid Schoo
3. Subordinates appointed by T
easurers on their own respor
sibility.

۱۰—ایسے عملہ کی ملازمت قابل پنشن نہیں
ہوگی جسکی تنخواہ یکمشت اداہوتی ہے اور جسکی
تقسیم کی تفصیل میں ریاست دخل نہیں دیتی۔

10. Service on an establishmen
paid from contract establishment allow
ance, with the detailed distribution o
which the State does not interfere, doe
not qualify.

شرط دوم | ۱۱—ملازمت قابل پنشن نہیں ہوگی
تاوقتیکہ عہدہ دار کسی مستقل عملہ میں مستقل
عہدہ نہ رکھتا ہو۔

11. *Second Condition*- Service doe
not qualify unless the Officer holds a
substantive office on a permanent esta
blishment.

۱۲—کوئی عہدہ دار جو عارضی ملازمت سے
مستقل ملازمت پرمنتقل ہو۔ اپنی سروس بہ دوران
ملازمت عارضی محسوب کرسکتا ہے بشرطیکہ اولاً
وہ آسامی عارضی طور پر یا امتحاناً قائم کیگئی ہو۔

12. An Officer transferred from a
temporary to a permanent appoint-
ment can count his service in the tem-
porary office if though at first created
temporarily or experimentally, it even-
tually becomes permanent.

۱۳—اگر کوئی عہدہ دار جسکا کوئی مستقل
عہدہ نہیں ہے ایسی آسامی پر کام کرے جو خالی ہو
یا جسکا مستقل عہدہ دار تنخواہ کا کوئی جزو
وصول نہیں کرتا نہ ملازمت محسوب کرتاہو توایسی

13. An Officer without a substan-
tive appointment officiating in an office
which is vacant or the permanent in-
cumbent of which does not draw any

صورت مین اگر اسکے سلسلہ ملازمت مین کوئی خلل واقع نہین ہوا اور وہ مستقل کردیا جاوے تو وہ زمانہ انچارجی کی ملازمت مین شمار ہوسکتا ہے

part of the pay or counts service, may if he is confirmed without interruption in his service, count officiating service.

۱۴—کوئی عہدہ دار جو مستقل عملہ مین ملازم ہو کسی عارضی خدمت پر بدین شرط منتقل کیاجاوے کہ عارضی فرائض ختم ہونیکے بعد وہ مستقل اسامی پر واپس آجاویگاتو وہ اپنی ملازمت زمانہ مستقل محسوب کرسکیگا۔

14. An Officer on a permanent Establishment detached on temporary duty, on the understanding that, when the temporary duty ceases he will return to the permanent establishment counts his detached service.

۱۵—اگرکسی عہدہ دار کا مستقل عہدہ بمنشاء قاعدہ نمبر ۳۷ تخفیف کردیا جاوے لیکن عہدہ دار مذکور اس وقت خاص ڈیوٹی پر ہو یا اسکا عہدہ تخفیف مین آنے کے وقت وہ خاص ڈیوٹی پر منتقل کیا جاوے تو ایسی صورت مین اسکی ڈیوٹی کا زمانہ ملازمت مین محسوب ہوگا لیکن یہہ لازم ہے کہ ڈیوٹی خاص نوعیت کی ہو - مستقل ملازمت کہ سلسلہ مین ایک ایسی عارضی اسامی پرجو اسوقت خالی ہو منتقل کرنے سے ملازمت قابل پینشن نہین ہوتی

15. If the substantive office of an officer is abolished within the meaning of Rule, 37, but the officer is at the time or on special duty or is on the abolition of his office deputed on special duty his service on special duty counts, but the duty must be special; mere employment in continuation of permanent employment in the temporary appointment which happens at the time to be vacant does not qualify.

(۱۶) کسی ملازم کا جو شرائط اول و دویم پوری کرلے- قابل پینشن ہونا یا نہ ہونا اس ذریعہ آمدنی پر منحصر ہے جس سے تنخواہ دیجاتی ہے قاعدہ ہذا کی ضرورت سے ملازمت کی تقسیم حسب ذیل ہے

16. Third Condition-Service which satisfies the first and second condition, qualifies or does not qualify according to the source from which it is paid. With reference to this rule, service is classified as follows:—

(الف) تنخواہ ریاست سے دیجاتی ہو

(ب) تنخواہ مقامی فنڈ سے دیجاتی ہو

(ج) تنخواہ آمدنی کمیشن یا فیس سے دیجاتی ہو جو بروئے قانون وصول ہو

(*a*) Paid from the State Revenues.

(*b*) Paid from the local funds.

(*c*) Paid by fees levied by law or by commission.

(د) ملازمت بالعیوض عطیہ کسی ذریعہ آمدنی یا حق وصولی رقم ھو یا ملازمت یا بالعیوض زمین مطابق قانون یا رواج ھو

(*d*) Paid by the grant, in accordance with law or custom of a tenure in land or of any source of income, or right to collect money.

(۱۷) ملازمت جسکی تنخواہ آمدنی ریاست سے ادا ھو قابل پینشن ھے

17. Service paid from the State revenues qualifies.

(۱۸) وہ ملازمت قابل پینشن نہین ھے جسکی تنخواہ کی ادائیگی ایسے فنڈ سے ھو جو ریاست کے پاس بحیثیت ٹرسٹی امانتاً ھو وے - مثلاً ملازمت کورٹ آف وارڈس - یا ٹھیکانہ زیر قرقی

18. Service paid from the fund which the State holds only as a trustee such as under a Court of Wards or in an attached estate does not qualify.

(۱۹) ایسی ملازمت قابل پینشن نہین ھے جسکی تنخواہ فیس کی آمدنی سے ادا ھوتی ھو خواہ اسکی وصولی بروئے قانون ھو یا ریاست کے حکم سے مثلاً ملبہ - بھیٹ - دامی

19. Service in an office paid only by fees whether levied by law or under the authority of the State, e.g., Malba, Bhet Dami does not qualify.

(۲۰) ایسی ملازمت قابل پینشن نہین ھوگی جسکا معاوضہ بذریعہ عطیہ زمین حسب قانون یا رواج ھوتا یا جس کا معاوضہ بذریعہ منتقلی آمدنی یا حق وصولی رقم ھو

20. Service paid by the grant, in accordance with law or custom, of a tenure in land or of any other source of income or right to collect money does not qualify.

امتیاز مابین اعلیٰ و ادنیٰ ملازمت

Distinction between superior and inferior service.

(۲۱) تمام ملازمتین جنکی تنخواہ دس روپیہ سے زائد ھو - اعلیٰ ھین - ایسی ملازمت جسکی تنخواہ دس روپیہ سے زائد نہ ھو یا ایسے سررشتہ مین ھو جسکو ادنیٰ قرار دیا گیا ھے یا ملازمت مندرجہ ذیل صورتون مین ادنیٰ شمار ھوگی

21. All service on pay exceeding Rs 10/- is superior. Service on pay not exceeding Rs 10/- or in any office which has been graded as inferior by rule and service in the following capacities will be considered inferior :—

[الف] (۱) کاریگران - دستکاران - رنگسازان و موچیان

(*a*) 1. Artificiers, Handicraftsman, Painters, Mochies.

(۲) دفتریان

2. Daftaries.

(۳) ملازمان درجہ ادنیٰ و شاگرد پیشہ

3. Menial and inferior servants.

(۴) جمعداران چپراسیان چوکیداران

4. Jamadars, Chaprasis, Chowkidars etc.

(۵) فیلبانان- تانگہ ڈرائیوران- کوچبانان-

5. Mahawats, Tonga Drivers, Coach-vans.

(۶) مستریان - انجن ڈرائیوران - جنکی تنخواہ پچیس روپیہ ماہوار سے کم ہو - شکاریان- بیر بانان - بہشتیان و خلاصیان

6. Mistries, Engine Drivers, whose pay is less than Rs 25/- p.m., Shikaries, Birbans, Bhishties, and Cleaners.

(ب) بہرحال محرران- کمپاؤنڈران مدرسین و ملازمان پولیس فورس دس روپیہ سے کم تنخواہ والے بھی اعلیٰ ملازم شمار ہونگے

(*b*) Clerks, Compounders, Teachers and Police Constables, however, when drawing less than Rs 10/- will be considered superior.

(۲۲) جس ملازم کی خدمات کچھہ مدت تک ادنیٰ اور کچھہ مدت تک اعلیٰ رھی ہوں وہ یا تو :—

22. A person, whose service has been for some time inferior and for some time superior may either count :—

(الف) کل ملازمت کو بغرض حصول پنشن یا انعام ادنیٰ شمار کرے - یا -

(*a*) the whole as inferior towards pension or gratuity on the inferior scale.

(ب) اعلیٰ ملازمت کا انعام یا پنشن اعلیٰ شرح پر اور ادنیٰ ملازمت کا انعام ادنیٰ شرح پر محسوب کرے

(*b*) or the superior portion towards pension or gratuity on the superior scale and the inferior towards gratuity on the inferior scale.

حرف (الف) کے تحت میں پینشن یا انعام اس تنخواہ پر (خواہ اعلیٰ ملازمت ہو

Under (*a*) the pension or gratuity is calculated on the pay (whether in

یا ادنی) پر محسوب ہوگا جو ملازم نے بر وقت سبکدوشی حاصل کی ہو

superior or inferior service) which the officer drew immediately before his retirement.

حرف (ب) کے تحت میں اعلیٰ سروس کا پینشن یا انعام اوسط تنخواہ پر شمار ہوگا جو افسر نے اعلیٰ سروس میں آخیر مرتبہ حاصل کی - اور انعام ادنی اس شرح پر اس تنخواہ کے لحاظ سے جو افسر نے ادنی ملازمت میں آخیر مرتبہ حاصل کی - بشرطیکہ کل زر انعام یا انعام و پینشن کی تعداد جو ضمن ھذا کے تحت میں دیا جائے - اس مقدار سے زیادہ نہ ہو جو کل ملازمت اعلیٰ زمرہ میں ہونیکی حالت میں جائز ہوتی

Under (*b*) the pension or gratuity on the superior scale is calculated upon the average emolument or emoluments respectively which the officer drew when last in superior service, and the gratuity on the inferior scale upon the pay which he drew when last in inferior service, provided that the total gratuity or gratuity plus pension granted under this clause shall not exceed what would have been admissible, if the whole service had been superior.

اگر کوئی عہدہ دار بوجہ الزام اعلیٰ ملازمت سے ادنی میں تنزل کیاجاوے تو وہ بلا خاص منظوری دربار عالی وقار دام اقبالہٗ قاعدہ ھذا سے مستفید نہیں ہوسکتا۔

If an Officer has been reduced from the superior to the inferior class for misconduct he can not have the benefit of this rule without the special permission of the Darbar.

۲۳—اگر کوئی عہدہ دار دو یا زیادہ عہدوں پر کام کرے جن میں سے ہر ایک دس روپیہ سے زائد تنخواہ نہ ہونیکی وجہہ سے ادنی ہو تو وہ اس بنیاد پر کہ مجموعی تنخواہ دس روپیہ سے متجاوز ہے اعلیٰ سروس شمار نہیں کرسکتا۔

23. If an Officer holds two or more offices, each of which is inferior by reason of its pay not exceeding Rs 10/- he can not count service as superior on the ground that his aggregate pay exceeds Rs 10/-.

۲۴—ایسا عہدہ دار جسکے اصلی فرائض ادنی ملازم کے ہوں خواہ اسکی تنخواہ دس روپیہ سے متجاوز ہو محض اسوجہ سے کہ وہ کسی اعلیٰ عہدہ کے نام سے تنخواہ پاتا ہے بشرح اعلیٰ پینشن پانیکا مستحق نہیں ہے۔

24. An Officer whose real duties are those of an inferior servant, even though his pay exceeds Rs 10/- is not entitled to pension on the superior scale merely because he draws pay under a superior designation.

باب سویم

قواعد برائے شمار سروس

زمانہ رخصت | ۲۵ — بجز ان صورتوں کے جو قاعدہ نمبر ۲۶ میں درج ہیں جو زمانہ رخصت استحقاقی کے علاوہ کسی اور قسم کی رخصت پر گذرے وہ اعلیٰ ملازمت میں محسوب نہ ہوگا۔

۲۶ — جو زمانہ رخصت معہ الاؤنس پر گذرے وہ حسب ذیل طریق پر ملازمت میں شمار ہوگا

اگر عہدہ دار کی کل خدمات	تو وہ رخصت کا اسقدر زمانہ ملازمت میں محسوب ہوگا جو
۲۰ سال سے کم نہوں	ایک سال سے متجاوز نہو
۲۵ سال سے کم نہوں	ایک سال سے متجاوز نہو
۳۰ سال سے کم نہوں	دو سال سے متجاوز نہو
۳۵ سال سے کم نہوں	دو سال سے متجاوز نہو

۲۷ — ادنیٰ درجہ کے ملازم کی رخصت معہ تنخواہ یا بلاتنخواہ جسکی کل میعاد تین سال سے زیادہ نہو شمار میں لی جاو یگی۔

دوران ملازمت میں معطلی استعفاء خلل اور کمی

۲۸ — زمانہ معطلی جو دوران تفتیش میں گذرے وہ پنشن میں محسوب ہوگا اگر معطلی کے بعد فوراً ہی باز بحالی ہوجاوے لیکن اگر یہہ زمانہ معطلی بطور سزا قرار دیاجاوے تو محسوب نہوگا۔

۲۹ — اگر کوئی عہدہ دار دوران تفتیش میں معطل رہکر پیر بحال ہوجاوے لیکن زمانہ معطلی کی تنخواہ کا کوئی جزو ضبط رکہا جاوے تو یہہ

Chapter III.

Rules for reckoning service

25. *Periods of leave-* Except as provided in Rule 26, time passed on leave other than privilege leave does not count as superior service.

26. Time passed on leave with allowances counts service as follows:—

If the total service of the officer is not less than.	He counts as service a period of leave not exceeding.
20 Years.	1 Year.
25 ,,	1 ,,
30 ,,	2 ,,
35 ,,	2 ,,

27. An inferior servant counts leave with and without allowances not exceeding three years in the aggregate.

Suspension, Resignation, Breaks and Deficiencies in Service.

28. Time passed under suspension, pending enquiry into conduct counts, if the suspension is *immediately followed* by reinstatement but the time passed under a suspension adjudged as a specific penalty does not count.

29. If an Officer who has been suspended, pending enquiry into his conduct is reinstated but with forfeiture

زمانه شمار نهیں هوگا تاوقتیکه افسر بحال کننده اسی وقت صریحاً ظاهر نه کردے که زمانه معطلی محسوب کیاجاویگا-

of any part of his allowance for th period of suspension, this period doe not count unless the authority who reii states the officer expressly declares a the time that it shall count.

۳۰— سرکاری ملازمت سے استعفاء یا برطرفی جو بربنائے بد اعمالی یا دیوالیه یا ناقابل کاری جو بوجه عمر رسیدگی نهو یا کسی مقررہ امتحان میں عدم کامیابی کی وجه سے عمل میں آئی هو سابقه ملازمت کو مسترد کردیگی-

30. Resignation of the public sei vice or removal from it for misconduct insolvency inefficiency not due to age or failure to pass a prescribed examina tion entails forfeiture of past service.

۳۱— جو افسر سرشته کسی عهده دار کی موقوفی کا حکم برطبق نگرانی یا اپیل منسوخ کرے وه یه تحریر کرسکتاهے که عهده دار کی سابقه خدمت محسوب هوگی-

31. Any authority who on revision or appeal reverses an order dismissing an officer may declare that the officer past service counts.

۳۲— سوائے اُن صورتونکے جو ذیل میں درج هیں کسی ملازم کی ملازمت میں خلل واقع هونے سے وه اپنی سابقه خدمات سے محروم هوجاتاهے-

32. An interruption in the service of an officer entails forfeiture of his past service except in the following cases:—

(الف) منظور شده رخصت پر غیر حاضری

(*a*) authorised leave of absence.

(ب) معطلی کے بعد فوراً هی باز بحال هوجانا جو اسی عهده پر هونا ضروری نهیں

(*b*) suspension immediately followed by reinstatement which need not be to the same office.

(ج) بوجه تخفیف عمله آسامی کا ٹوٹ جانا یا ملازمت جاتی رهنا-

(*c*) Abolition of office or loss of appointment owing to redu- ction of establishment.

(د) جو ایام ایک عهده سے دوسرے عهده کا چارج لینے تک صرف هوں-بشرطیکه عهده دار کا تبادله افسر مجاز کے احکام سے یا اگر وه نان گزیتید (Non-gazetted)

(*d*) Time occupied in transit from one appointment to an- other, provided that the offi- cer is transferred under the

orders of competent authority, or if he is a non-gazetted officer with the consent of the head of his old officer.

ملازم ہو تو اس کے سابقہ عہدہ کے افسر کی مرضی سے ہوا ہو۔

33. The authority who sanctions the pension may commute retrospectively periods of absence without leave into leave without allowances.

۳۳—جو افسر پینشن منظور کریں وہ زمانہ غیر حاضری بلا حصول رخصت کو رخصت بلا تنخواہ میں بدل سکینگے۔

34. Upon such conditions as it may think fit in each case to impose the authority competent to fill the appointment held by an officer at the time condonation is applied for, were he to vacate that appointment, may condone all the interruptions in his service.

۳۴—ایسی شرائط کے ساتھ جو وہ کسی صورت میں عائد کرنا مناسب سمجھیں وہ افسر جو اس جگہ کو پر کرنیکے مجاز ہیں جس پر کہ عہدہ دار درخواست کنندہ موافق اسوقت کام کررہا ہے وہ اس کی سروس کے تمام خلل یا وقفہ ہائے ملازمت معاف کرسکتے ہیں بشرطیکہ وہ اُس آسامی کو خالی کرے۔

35. Upon any conditions which it may think fit to impose the authority competent to sanction the pension of an officer may condone a deficiency of three months in his qualifying service.

۳۵—ایسے افسر جو ایک ملازم کی پینشن منظور کرنیکے مجاز ہیں اُن شرائط پر جو وہ عائد کرنا مناسب سمجھیں- ملازم مذکور کی پینشن کی مستحق کرنے والی سروس میں تین ماہ کی کمی معاف کرسکتے ہیں۔

If an officer claiming superior service has also rendered inferior service, the Darbar may condone a deficiency in his qualifying service for pension on the superior scale not exceeding one half of his inferior service, subject to a maximum of twelve months in all.

اگر اعلیٰ ملازمت کی پینشن طلب کرنیوالا ملازم ادنیٰ ملازمت بھی انجام دیچکا ہو تو اعلیٰ شرح پر پینشن کی مستحق کرنے والی ملازمت میں جو کمی ادنیٰ ملازمت کے نصف سے زائد نہ ہو اور جسکی انتہائی کل میعاد بارہ ماہ تک ہو پیشگاہ سرکار عالی دام اقبالہٗ سے معاف ہوسکیگی۔

Chapter IV.

Conditions of grant of pension.

باب چہارم

36. *Classification of Pension*- Pensions for superior service are divided

پینشن کے اقسام ۳۶—اعلیٰ ملازمت کی پینشنوں کی حسب ذیل تین قسمیں رکھی گئی ہیں۔

(الف) پینشن بطور معاوضہ - دیکھو قواعد نمبر ۳۷—۳۹

(ب) پینشن معذوری - دیکھو قواعد نمبر ۴۰-۴۷

(ج) پینشن بعد اختتام ملازمت - دیکھو قواعد نمبر ۴۸—۴۹

(نوٹ) ادنی ملازمت کی پینشن بموجب قواعد نمبر ۵۶ تا نمبر ۵۷ ہوگی

پینشن بطور معاوضہ

۳۷— پینشن بطور معاوضہ ایسے عہدہ دارکو دیجاویگی جو اسامی تخفیف میں آجائے - اور دوسری موزوں جگہہ اس کے لئے دستیاب نہ ہونیکی بناء پر ملازمت سرکاری سے سبکدوش کیا جائے

۳۸— جو عہدہ دار ہنوز کارآمد خدمت انجام دینے کے قابل ہو اس کی پینشن کرنا - سرکاری رقم کا ضائع کرنا ہے جبکہ ایسا عہدہ دار بوجہہ تخفیف آسامی علیحدہ کیا جاوے تو اسکی پینشن ہونے سے پیشتر اس امر پر احتیاط کیساتھہ غور ہونا چاہیئے - کہ آیا اسے کوئی اور جگہہ نہیں دیجاسکتی - پینشن بطور معاوضہ کے درخواست بھیجتے وقت محکمہ کے افسر کو لازمی طور پر یہہ ظاہر کرنا چاہیئے کہ کن وجوہات کی بناء پر عہدہ دار مذکور کیلئے موزوں جگہہ نکالنا ناممکن ہو

۳۹— کسی عملہ کی تخفیف کے موقعہ پر جس ملازم کو سبکدوش کرنے کے لئے انتخاب کیا جاوے وہ بادیٔ النظر ہی میں ایسا ہونا چاہیئے کہ پینشن بطور معاوضہ میں سب سے کم صرفہ ہووے

into three classes as follows:—

(*a*) Compensation Pension - See Rules 37-39.

(*b*) Invalid Pension - See Rules 40 - 47.

(*c*) Retiring Pension - See Rules 48 - 49.

Note :— Pension for inferior service is regulated by Rules 56-57.

37. *Compensation Pension* —A compensation pension is awarded to an officer discharged from public service because his post is abolished and other suitable employment can not be found for him.

38. To pension an officer still capable of useful service is a waste of public money before pension is granted to such an officer discharged on abolition of appointment, it must be carefully considered whether he can not be otherwise provided for. The Head of a Department in forwarding an application for compensation pension should invariably state for what reason it has been found impossible to provide suitable employment for the applicant.

39. The selection of the officer to be discharged upon the reduction of establishment should prima facie be so made that the least charge for compensation pension will be incurred.

پینشن معذوری | ۴۰—پینشن معذوری ملازمت سے سبکدوش ہونے کے وقت ایسے عہدہ دار کو دیجاتی ہے جو جسمانی یا دماغی کمزوری کی وجہہ سے ریاست کی یا اس صیغہ کی ملازمت کیلئے جس میں وہ ملازم ہے ہمیشہ کے لئے بیکار ہوچکا ہے

40. *Invalid Pension-* An invalid pension awarded on his retirement from the State service to an officer who by bodily or mental infirmity is permanently incapacitated for the State service, or the particular branch of it to which he belongs.

۴۱— اگر درخواست پینشن معذوری پیش کرنے والے ملازم کی عمر ساٹھہ سال یا اس سے زیادہ ہو تو ڈاکٹری سرٹیفکٹ پیش ہونا ضروری نہیں درخواست گذار کے ناکارہ ہونیکی نسبت افسر محکمہ کی تصدیق کافی ہوگی - اگر صورت اسکے خلاف ہو تو نا قابل ملازمت ہونیکے ثبوت میں ڈاکٹری سارٹیفکٹ ہونا لازم ہے جو حسبطرح تصدیق ہونا چاہئے

(الف) اگر وہ دارالریاست میں یا اس کے قریب ملازم ہو تو اسٹیٹ میڈیکل افسر کی طرف سے

(ب) اگر وہ پرگنات میں ملازم ہو تو پرگنہ کے سب اسٹیٹ سرجن کی طرف سے ہوگا اور اسپر اسٹیٹ میڈیکل آفیسر کی تائید درکار ہوگی

(ج) اگر پینشن مطلوبہ یکصد روپیہ ماہوار سے متجاوز ہو تو اسٹیٹ میڈیکل افسر کی طرف سے

(د) تاوقتیکہ درخواست گذار ایسی تجویز پیش نہ کرے جس سے ظاہر ہو کہ اسکے محکمہ یا صیغہ کا افسر

41. If an officer applying for an invalid pension to sixty years old or upwards, no certificate by a medical officer is necessary, it suffices for the head of the office to certify to the incapacity of the applicant. Otherwise incapacity for service must be established by a medical certificate attested as follows:—

(*a*) If he is serving at or near the capital town by the State Medical Officer.

(*b*) If he is serving in the interior of the country by the Pargna Sub-Assistant Surgeon which will require the confirmation of the Medical Officer.

(*c*) If the pension applied for exceeds Rs. 100/- a month, by the State Medical Officer.

(*d*) No medical certificate of incapacity for service may be granted unless the applicant produces a letter to

میڈیکل افسر کے سامنے پیش ہونے
کے ارادہ سے تاخیر ہے- نا قابل ملازمت
ہونیکا کوئی سارٹیفیکٹ ڈاکٹری
عطا نہیں کیا جاوے جس صیغہ
یا محکمہ میں درخواستگذار ملازم
ہے اسکے افسر کی طرف سے میڈیکل
افسر کو ایک تحریر دیجاویگی اور
کاغذات سرکاری سے درخواست
گذارکی جو عمر ظاہر ہو وہ اسمیں
درج کیجاویگی - جس صورت میں
کہ درخواست گذار کی سروس بک
موجود ہو تو اسکی درج شدہ عمر
بھی درج تحریر کیجاویگی

show that the head of his office or department is aware of his intention to appear before the Medical Officer. The Medical Officer shall also be supplied by the Head of the Office or Department in which the applicant is employed with a statement of what appears from official records to be the applicant's age. Where the applicant has a service book, the age there recorded should be reported.

۴۲—اگر میڈیکل افسر معائنہ کنندہ عام کمزوری
کی وجہہ سے کسی ملازم کو جو ہنوز ۵۵ سال سے کم
عمر رکھتا ہو مزید ملازمت کے لئے ناقابل تصور
کرے تو اس میں کوئی خاص مرض تشخیص
نہ ہوسکے تو طبی حالت اور علاج اختیار کردہ کا
(اگر ممکن ہو) ایک مختصر بیان منسلک کردیاجاوے
میڈیکل آفیسر مذکور کو اپنی رائے کے وجوہات درج
کرنی چاہئیں اور اگر ممکن ہو تو ایسی صورت میں
ہمیشہ دوسری ڈاکٹری رائے بھی حاصل کرلی جاوے

42. A succinct statement of the medical case, and of the treatment adopted should if possible be appended if the examining Medical Officer, although unable to discover any specific disease in the officer, considers him incapacitated for further service by general debility, while still under the age of fifty five years he should give reasons for his opinion and if possible a second medical opinion should always in such a case be obtained.

۴۳—پینشن کی درخواست کرنے والے ملازم کی
نسبت جو سارٹیفکٹ دیا جاوے اسکا فارم حسب
ذیل ہوگا-

43. The form of certificate to be given respecting an officer applying for pension is as follows:—

تصدیق کیجاتی ہے کہ میں/ہم نے زید والد بکر
ایک..............کا بغور معائنہ کیا- اسکی عمر خود

Certified that I/we have carefully examined AB son of CD a ....

اسکے بیان کے مطابق..........سال کی ہے اور بظاہر تقریباً..........سال کی ہے میں/ہم خیال کرتے ہیں کہ زید بوجہ (یہاں بیماری یا سبب بیان کیاجاوے) کسی قسم کی مزید ملازمت کے لئے کامل طور پراور ہمیشہ کے لئے معذور ہوچکا ہے- میرے/ہمارے نزدیک اسکی معذوری بے اعتدالیوں کا نتیجہ نہیں ہے (اگر معذوری مستقل اورکامل نہوتو سارٹیفکٹ میں بموجب اسکے ترمیم کیجاوے اور حسب ذیل الفاظ بڑھادئے جاویں) میری/ہماری رائے ہے کہ زید ابھی ایسی ملازمت کے قابل ہے جو موجودہ ملازمت سے کم محنت کی ہو-

in the..........His age by his own statement is ....years and by appearance is about..........years. I/we consider to be completely and permanently incapacitated for further service of any kind in consequence of (here state disease or cause). His incapacity does not appear to me/us to have been caused by irregular or intemperate habits (if the incapacity does not appear to be complete and permanent, the certificate should be modified accordingly and the following addition should be made). I am/we are of opinion that A B is fit for further service of a less laborious character than that which he has been doing.

۴۴—جو ملازم کسی دیگر وجوہ سے علیحدہ کیا جاوے اوسے دفعہ نمبر ۴۰ کے تحت میں کوئی حق نہوگا باوجودیکہ وہ ملازمت سےمعذوری کا سرٹیفکٹ ڈاکٹری بھی پیش کرسکتاہے-

44. An officer discharged on other grounds has no claim under rule 40 even though he can produce medical evidence of incapacity for service.

۴۵—اگر معذوری براہ راست بے اعتدالیوں کا نتیجہ ہو تو کوئی پینشن عطا نہیں ہوسکتی اگر معذوری کی وجہ براہ راست یہہ نہو لیکن ایسے معذوری جلد واقع ہوئی ہے یا اسمیں اضافہ ہواہے تو افسر مجاز منظوری پنشن اس امر کا فیصلہ کرینگے کہ وجہ مندرجہ کی بناء پر کسقدر کمی پینشن عمل میں لائی جاوے-

45. If the incapacity is directly due to irregular or intemperate habits no pension can be granted. If it has not been directly caused by such habits but has been accelerated or aggravated by them, it will be for the authority by which the pension is grantable to decide what reduction should be made on this account.

۴۶—جو عہدہ دار حسب منشاء قاعدہ نمبر ۴۱ آئندہ ملازمت سے معذوری کا سرٹیفکٹ پیش کردے اسکو درخواست پینشن کے تصفیہ کے دوران میں کام پر نہیں رکھنا چاہئےنہ وہ رخصت غیر حاضری حاصل کرسکتا ہے-

46. An officer who has submitted under Rule 41 a Medical certificate of incapacity for further service must not be retained in active service pending a decision on his application for pension nor even can he obtain leave of absence.

۴۷—قاعدہ ۴۶ میں صرف اس ملازم کے کام پر رہنے کا ذکر ہے جو معذوری کی پینشن یا انعام کی درخواست کی تائید میں ڈاکٹری سارٹیفکٹ پیش کرے ایسے سرٹیفکٹ کے پیش ہونے پر اگر کوئی عہدہ دار استحقاقی رخصت کے علاوہ کسی اور قسم کی رخصت پر ہو تو اختتام رخصت کی تاریخ سے اسکو سبکدوش کیا جاویگا اور عہدہ دار مذکور ختم رخصت تک تنخواہ رخصت حاصل کر سکیگا۔

47. Rule 46 refers only to the retention in active service of an officer who has furnished a Medical certificate in support of an application for invalid pension or gratuity. The retirement of an officer who is absent on leave other than privilege leave when such certificate is submitted may have effect from the termination of his leave and the officer may continue to draw leave allowance to the end of his leave.

پینشن اختتام ملازمت

۴۸- پینشن اختتام ملازمت ایسے عہدہ دار کو دیجاویگی جسکو ۳۵ سال یا اس سے زیادہ حق قائم کرنے والی خدمت انجام دینے کے بعد یا ۶۰ سال کی عمر ہوجانے پر سبکدوشی کی اجازت دیگئی ہو۔ جو عہدہ دار ساٹھہ سال کی عمر تک پہنچ جاوے وہ عموماً سبکدوش کردیاجاویگا لیکن دربار علیوقار دام اقبالہ کی خوشنودی مزاج پر اسکی خدمات برقرار رکھی جاسکتی ہیں۔

48. *Retiring Pension*-A retiring pension is granted to an officer who is permitted to retire after completing a qualifying service of 35 years or more or who has attained the age of 60 years. An officer who has attained the age of 60 years will ordinarily be required to retire but his services may be retained at the pleasure of the Darbar.

نوٹ۔—ایسے ملازمان ریاستکو جو از خود رضاکارانہ طور پر پینشن لینا چاہیں پینشن دیدیجاوے بہ شرطیکہ افسر صاحب سرشتہ و ممبر صاحب انچارج موزوں خیال فرماویں اور یہہ کہ درخواست گذار کا چال و چلن خراب نہو اور نہ کوئی تفتیش اسکے خلاف جاری ہو۔

نوٹ ۱—عمر کی قید ممبر صاحبان کونسل عالیہ پر عائد نہوگی۔

نوٹ ۲—اگر کسی ملازم کا طرز عمل زیر تحقیقات ہو تو اسکو ملازمت ریاست سے سبکدوشی معہ انعام یا پنشن کے متعلق درخواست نہیں کرنا چاہئے

Note:—State servants voluntarily wishing to go on pension may be permitted to do so. Provided the Head of Department and member-in-charge approved and there is no misconduct or enquiry concerning the applicant.

Note: —*1* Age limit will not apply to Members of the State Council.

Note:—*2* No State servant may apply for retirement from the State service either with gratuity or pension, if his

conduct is under enquiry. Such application will only be considered, when the proceedings are complete.

ایسی درخواست پر اس وقت لحاظ ہوگا جبکہ کار روائی مذکورہ مکمل ہوچکی ہوگی۔

Note:—3 State servants, attaining the age of 60 may be retained in State service in case, they are physically fit for work and their retention in service, is considered essential by the Member in charge in the interest of public service. Such recommendation should be submitted by the Member in charge giving full details and reasons for such extension of service to the Finance Member for consideration and His Highness, approval.

نوٹ ۳—ایسے ملازمان ریاست کو جنکی عمر ساٹھہ سال کی ہوچکی ہو انکو اس حالت میں ملازمت ریاست میں رکھا جاسکتا ہے جبکہ جسمانی طور پر قابل کار ہوں اور مفاد ریاست میں انکا رکھاجانا ممبر صاحب بہادر متعلقہ کی رائے میں ضروری ہو ممبر صاحب بہادر متعلقہ ایسی سفارشات پوری تفصیلات و وجوہات ملازمت میں رکھنے کے ارسال کرتے ہوئے ممبر صاحب بہادر فنانشل کی خدمت میں پیش کرینگے تاکہ غور کے بعد سرکاری منظوری حاصل کیجاوے۔

Note:—4 State servants may be compulsorily retired on good reasons by their appointing authorities.

نوٹ ۴—افسران مجاز تقرری- ملازمان ریاست کو معقول وجوہات کی بناء پر ریٹائر کرسکتے ہیں

49. An officer who is compelled to retire under the preceding rule and part of whose service has been inferior is entitled to pension on the same conditions as if he had been invalided under Rule 56 and to the option allowed by Rule 22.

۴۹—جوملازم قاعدہ ماسبق کے تحت میں سبکدوش ہونے پر مجبور کیاجاوے اورجسکی خدمات کا کچھہ حصہ ادنی ملازمت میں گذرا ہو- وہ انہیں شرائط پر پینشن پانیکا مستحق ہے گویاکہ وہ قاعدہ نمبر ۵۶ کے موافق معذور ہوچکاہے اور نیز وہ قاعدہ نمبر ۲۲ سے مستفید ہوسکتاہے۔

Chapter V.

Amount of Pensions.

باب پنجم

مقدار پینشن

50. *General Rules:*–The amount of

عام قواعد

۵۰—پینشن کی رقم کا تعین بلحاظ

مدت ملازمت کیاجاویگا جسکی وضاحت قواعدنمبر ۵۵ تا نمبر ۵۷ میں درج ہے- جو پینشن قواعدھذا کے تحت میں کسی عہدہ دار کے لئے جائز ہوگی اس کے حساب میں سال سے کم مدت شمار نہیں کیجاویگی

pension that may be granted is determined by length of service as set forth in Rules 55 to 57. Fractions of a year are taken into account in the calculations of any pension admissible to an officer under these Rules.

۵۱—پینشن کا حساب قریب ترین آنے تک لگایا جائیگا یعنی جبکہ رقم بروئے حساب چھہ پائی یا اس سے زیادہ ہوتو ایک آنہ کی بیشی کردیجاویگی اور چھہ پائی سےکم کی رقمیں نظرانداز کردیجاوینگی

51. A pension should be calculated to the nearest anna that is where the exact amount works out to six pies or more, it should be taken to the next higher anna, amounts below six pies being disregarded.

۵۲—پینشن اس سکہ میں مقرر کیجاویگی جس سکہ میں تنخواہ دیجاتی ہے-

52. A pension is fixed in the currency in which the salary is paid.

۵۳—قواعد ھذا کے تحت میں جو پوری رقم قابل منظوری ہے وہ اس وقت تک قابل اجراء نہ ہوگی جب تک اظہار پسندیدگی خدمات نہو-

53. The full pension admissible under the rules is not to be given as a matter of course or unless the service rendered has been really approved.

اگر خدمات کامل طور پر قابل اطمینان نہ ہوں توحکام منظور کنندہ پینشن مقدارپینشن میں ایسی کمی عمل میں لاسکتےہیں جو وہ مناسب خیال کریں-

If the service has not been thoroughly satisfactory, the authority sanctioning the pension should make such reductions in the amount as it thinks proper.

۵۴—کوئی عہدہ دار جو پینشن کا مستحق ہے پینشن کی بجائے انعام نہیں لےسکتا-

54. An officer entitled to pension may not take a gratuity instead of pension.

مقدار اعلیٰ پینشن | ۵۵—درجۂ اعلیٰ کی پینشن حسب ذیل طریقہ پر معین ہوگی—

55. *Amount of Superior Pension*- The amount of superior pension is regulated as follows,—

(الف) دس سال سے کم ملازمت پر انعام جسکی مقدار ہرمکمل شدہ سال ملازمت پر ایک

(*a*) After a service of less than 10 years a gratuity not exceeding one

ماہ سے متجاوز نہ ہو۔ اگر عہدہ دار کی تنخواہ ملازمت کے آخری تین سال میں سزا کے علاوہ کسی اور وجہ سے کم ہوگئی ہو تو حاکم مجاز منظوری انعام کے صوابدید پر منحصر ہے کہ تنخواہوں کے بجائے اوسط تنخواہ پر انعام منظور کرے۔

month's emoluments for each completed year of service. If the emoluments of the officer have been reduced during the last three years of service otherwise than as a penalty, average emoluments may at the discretion of the authority which has power to sanction the gratuity be substituted for emoluments.

(ب) ایسی ملازمت کے بعد جسکی مدت دس سال سے کم نہو پینشن جو دیجائیگی وہ مندرجہ ذیل مقدار سے زیادہ نہو۔

سال ملازمت مکمل شدہ	شرح پینشن	انتہائی مقدار پینشن سالانہ
۱۰	اوسط تنخواہ کا ۱۰/۶۰	۸۰۰
۱۱	۱۱/۶۰	۸۸۰
۱۲	۱۲/۶۰	۹۶۰
۱۳	۱۳/۶۰	۱۰۴۰
۱۴	۱۴/۶۰	۱۱۲۰
۱۵	۱۵/۶۰	۱۲۰۰
۱۶	۱۶/۶۰	۱۲۸۰
۱۷	۱۷/۶۰	۱۳۶۰
۱۸	۱۸/۶۰	۱۴۴۰
۱۹	۱۹/۶۰	۱۵۲۰
۲۰	۲۰/۶۰	۱۶۰۰
۲۱	۲۱/۶۰	۱۶۸۰
۲۲	۲۲/۶۰	۱۷۶۰
۲۳	۲۳/۶۰	۱۸۴۰
۲۴	۲۴/۶۰	۱۹۲۰
۲۵	۲۵/۶۰	۲۰۰۰

(*b*) After a service of not less than 10 years, a pension not exceeding the following amounts:—

Years of completed service.	Scale of pension	Maximum limit of yearly pension.
10	10 Sixtieth of Average emoluments.	Rs 800/-
11	11 ,,	880/-
12	12 ,,	960/-
13	13 ,,	1,040/-
14	14 ,,	1,120/-
15	15 ,,	1,200/-
16	16 ,,	1,280/-
17	17 ,,	1,360/-
18	18 ,,	1,440/-
19	19 ,,	1,520/-
20	20 ,,	1,600/-
21	21 ,,	1,680/-
22	22 ,,	1,760/-
23	23 ,,	1,840/-
24	24 ,,	1,920/-
25	25 ,,	2,000/-

۲۰۸۰	۲۶/۶۰	۲۶	26	26	,,	2,080/-
۲۱۶۰	۲۷/۶۰	۲۷	27	27	,,	2,160/-
۲۲۴۰	۲۸/۶۰	۲۸	28	28	,,	2,240/-
۲۳۲۰	۲۹/۶۰	۲۹	29	29	,,	2,320/-
۲۴۰۰	۳۰/۶۰	۳۰ یا اس سے زیادہ	30 or above	30	,,	2,400/-

(نوٹ) اس ترمیم سے دفعہ ۴۸ منسوخ نہوگی ریزولیشن کونسل عالیہ نمبر ۷ مورخہ ۲۸ مئی سنہ ۴۵ء بمنظوری حضوری ذریعہ عرضداشت زیب رقمیافتہ ۲۸ جون سنہ ۴۵ء

Note :— This will not supersed[e] Section 48. (Council Reso. No. 7 date[d] the 28th May, 45, and H.H's sanctio[n] Vide Arazdasht dated 28th June of 45)

مقدار ادنیٰ پینشن | ۵۶—ادنیٰ ملازمت پر تابع شرائط مندرجہ قواعد نمبر ۳۷ تا نمبر ۴۷ حسب ذیل طریقہ پر پینشن عطا ہوگی۔

56. *Amount of inferior Pension*- Fo[r] inferior qualifying service, pension ma[y] subject to the condition laid down i[n] Rules 37 to 47, be granted as follows.

(الف) معاوضہ و انعام معذوری

(*a*) *Compensation and Invalid gra[-] tuity.*

ندارد	۵ سال سے کم ملازمت پر	After a service of less than 5 years.	Nil
تنخواہ ۲ ماہ	ایسی ملازمت پر جو ۵ سال سے کم نہو لیکن ۸ سال سے کم ہو۔	After a service of not less than 5 years but less than 8 years.	2 Months Pay.
تنخواہ ۴ ماہ	ایسی ملازمت پر جو ۸ سال سے کم نہو لیکن ۱۰ سال سے کم ہو	After a service of not less than 8 years but less than 10 years.	4 ,,
تنخواہ ۵ ماہ	ایسی ملازمت پر جو ۱۰ سال سے کم نہو لیکن ۱۵ سال سے کم ہو	After a service of not less than 10 years but less than 15 years.	5 ,,
تنخواہ ۶ ماہ	ایسی ملازمت پر جو ۱۵ سال سے کم نہو لیکن ۱۸ سال سے کم ہو	After a service of not less than 1[5] years but less than 18 years.	6 ,,

ایسی ملازمت پر جو ۱۸ سال سے کم نہو لیکن ۲۰ سال سے کم ہو — تنخواہ کا ⅜ یا ۳عہ ماہانہ

After a service of not less than 18 years but less than 20 years. — $\frac{3}{8}$ pay or Rs 3/-

(ب) پینشن معذوری و معاوضہ۔

(*b*) *Compensation and Invalid Pension.*

ایسی ملازمت پر جو ۲۰ سال سے زیادہ ہو لیکن ۳۰ سال سے کم ہو — نصف تنخواہ یا ۴عہ ماہانہ

ایسی ملازمت پر جو ۳۰ سال سے کم نہو تا ۳۵ سال — نصف تنخواہ یا ۵عہ روپیہ ماہانہ دونوں میں جو بھی زیادہ ہو

After a service of more than 20 years but less than 30 years. — $\frac{1}{2}$ pay or Rs. 4/-

After a service of not less than 30 years upto 35 years. — $\frac{1}{2}$ pay or Rs. 5/- which ever is greater.

۵۷— اگر عہدہ دار کی تنخواہ آخری تین سال کے دوران میں سزاکے علاوہ کسی اور وجہ سے کم ہوئی ہے تو حاکم مجاز منظوری انعام کی صوابدید پر ملازمت کے آخری تین سال کا اوسط لگاکر قاعدہ ماسبق کے بموجب اسکا پینشن یا انعام قائم کیاجا سکتا ہے۔

57. If the pay of an officer has been reduced during the last three years of service otherwise than as a penalty, his gratuity or pension under the preceding Rule may at the discretion of the authority which has power to sanction it be calculated upon the average of his pay during the last three years of his service.

الاؤنس جو پینشن میں شمار ہوسکتے ہیں۔

۵۸— قواعد ھذا میں لفظ تنخواہ کے استعمال سے وہ رقم مراد ہے جوکہ عہدہ دار سبکدوشی سے پیشتر وصول کر رہا تھا اور اسمیں صرف یہہ اجزا شامل ہیں۔

58. *Allowances reckoned for pension*- The term emoluments when used in these Rules means the emoluments which the officer was receiving immediately before his retirement and includes only:—

تنخواہ

Pay—

ذاتی الاؤنس تنخواہ کا جزو شمار ہوتا رہیگا خواہ وہ جزواً یا کلیتاً ایسے انچارجی کے الاؤنس میں شامل ہوجاوے جو اس حساب میں نہیں لیاگیا ہے۔

Personal Allowance continues to reckon as a part of emoluments even when it is wholly or partly absorbed in acting allowance not so reckoning.

ڈیوٹی کا یا دیگر الاؤنس جو دربار عالی وقار دام اقبالہٗ پینشن میں محسوب ہونا منظور فرماویں

Duty or any other allowance which might be declared by the Darbar as counting towards pension.

۵۹—الفاظ اوسط تنخواہ سے مراد وہ اوسط ہے جو ملازمت کے آخری تین سال پر نکالا جاوے۔

59. The term "average emoluments" means the average calculated upon the last three years of service.

(۱) اگر ملازمت کے آخری تین سال کے دوران میں کوئی عہدہ دار رخصت معہ تنخواہ پر اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضری یا معطل ہوجانے کے بعد بلا منسوخی سروس بحال ہوجاوے تو اوسط نکالنے کے لئے اس کی تنخواہ وہی رکھی جائیگی جو اسکے غیر حاضر یا معطل نہ ہونیکی صورت میں ہوتی لیکن ہمیشہ یہہ شرط ہوگی کہ ایسے اضافۂ تنخواہ کی وجہ سے جو درحقیقت ملازم مذکور کو نہیں ملا اسکی پینشن میں کوئی اضافہ نہیں کیا جاویگا۔

1. If during the last three years of service an officer has been absent from duty on leave with allowance or having been suspended, has been re-instated without forfeiture of service his emoluments for the purpose of ascertaining the average should be taken at what they would have been, had he not been absent from duty or suspended; provided always that his pension must not be increased on account of increase in pay not actually drawn.

(۲) اگر ملازمت کے آخری تین سال میں کوئی عہدہ دار رخصت بلا تنخواہ پر غیر حاضر ہو یا ادنیٰ سروس میں ہو یا ایسی صورت میں معطل کیا جاوے کہ ایام معطلی سروس میں شمار نہ ہوں تو جو مدت اس طرح گذرے وہ بوقت شمار اوسط نظر انداز کردینا چاہیئے اور ان تین سال سے پیشتر کی مساوی مدت شمار میں لےلی جاوے۔

2. If during the last three years of his service an officer has been absent from duty on leave without allowances, or in inferior service or suspended under such circumstances that the period of suspension does not count as service, the period so passed should be disregarded in the calculation of the average, and equal period before the three years being included.

(۳) باستثنائے صرف ان صورتوں کے جو قواعد
نمبر ۱ و ۲ میں درج ہیں تنخواہ جو
در اصل وصول کیگئی ہے۔ حساب میں
شامل کیجاسکیگی۔ مثلاً اگر کسی عہدہ
دار کو یہہ رعایت دیجاوے کہ وہ اپنی
میعادی اضافوں کو کچھہ عرصہ پہلے
محسوب کرلے لیکن در اصل اوس تاریخ
سے جب سے یہہ رعایت دیگئی ہے ایسی
تنخواہ وصول نہ کرے تو یہہ میعادی
اضافے حساب میں شامل نہیں ہوسکتے

3. Excepting as provided in Rules 1 and 2 only emoluments as actually received can be included in the calculation. For example when an officer is allowed to count time retrospectively towards increase of pay, but does not receive retrospectively the intermediate periodical increments, these intermediate increments are not reckoned in the calculations.

۶۰— کسی عہدہ دار کی تنخواہ کا ایسا حصہ
خارج کردینا چاہیئے۔ جو ایسے مصارف کیلئے
خاص طور سے رکھا گیا ہو جو اس کے فرائض منصبی
در پیش ہوتے ہیں قاعدہ ہذا کی عملی مثالیں
حسب ذیل ہیں

60. Any part of an officer's pay or emoluments which is specially intended to provide for expenses incidental to his duty must be excluded. The following are the examples of the operation of this Rule:—

(۱) جبکہ کسی عہدہ دار کی تنخواہ کا جزئیہ
منشاء یہہ بھی ہے کہ گھوڑا مہیا کرنے
یا رکھنے کے مصارف بھی پورے ہوں تو
اسکی تنخواہ صرف اسقدر حساب میں
لیجاوے جو ایسے مصارف پورا کرنے
منشاء نہونیکی صورت میں رکھی جاتی
جبکہ ایک سقہ کی تنخواہ میں بیل
رکھنے کا صرفہ شامل ہے تو اُسکی تنخواہ
اسیقدر شمار میں لیجاوے جو بیل نہ
رکھنیکی صورت میں رکھی جاتی۔

1. When an officer's pay is intended partly to cover the expenses of his providing or keeping horse, his pay must be taken only at what it would be if it was not intended to cover such expenses. When a water carrier's pay includes provision for a bullock, his pay must be taken at what it would be if he were not required to keep a bullock.

(۲) جبکہ مجموعی تنخواہ میں صرف
خیمہ جات۔ الاؤنس سفر یا مکان مخصوص
طور پر شامل ہیں تو یہہ منہا کئے
جاویں۔

2. When a consolidated pay especially includes tentage, travelling allowance, house allowance these must be deducted.

61. When service on temporary duty counts for pension under Rule 14 the pay of the permanent appointment held by the officer and not that drawn in respect of the temporary duty is taken into consideration in determining the amount of pension.

۶۱ — جس حالت میں کہ عارضی ڈیوٹی کی ملازمت تحت قاعدہ نمبر ۱۴ پینشن کیلئے شمار میں آتی ہے تو اس مستقل عہدہ کی تنخواہ جو اُس ملازم کی ہے اور وہ حاصل کرتا ہے۔ مقدار پینشن کا تعین کرتے وقت حساب میں آنا چاہئے نہ کہ وہ جو عارضی ڈیوٹی پر ملے۔

Chapter VI.

Re-employment of Pensioners.

باب ششم

پینشن یافتگان کی دوبارہ ملازمت

62. *General*—No person may retire with a view to being re-employed and drawing pension in addition to pay whether in the State service or in the service of any local fund.

۶۲ — کسی شخص کی سبکدوشی اس نیت سے نہیں ہونی چاہئے کہ وہ پھر ملازم رکھلیا جائے اور تنخواہ کے علاوہ پینشن بھی پاتا رہے خواہ وہ تنخواہ ملازمت ریاست کی ہو یا مقامی فنڈ کی۔

63. When a person who was formerly in State service is re-employed whether temporarily or permanently in State service or in the service of local fund, it shall be incumbent on him to declare the amount of gratuity, bonus or pension received by him on retirement. The authority re-appointing him shall specifically state in the order of re-employment whether any deduction is to be made from pension or salary as required by the rules of this chapter and shall communicate a copy of the same to the Audit Office.

۶۳ — جبکہ کوئی ایسا شخص جو سابق میں ملازم ریاست تھے۔ ریاست یا مقامی فنڈ کی ملازمت میں عارضی طور پر یا مستقلاً دو بارہ ملازم رکھا جاوے تو اسپر یہہ لازم ہوگا کہ بوقت سبکدوشی جو انعام یا پینشن ملے ہوں ظاہر کردے۔ جو افسر اسکو پھر ملازم رکھیں انہیں حکم باز تقرری میں صراحتاً ظاہر کرنا چاہئے کہ آیا پینشن یا تنخواہ میں کوئی کمی عمل میں آنا چاہئے جیسا کہ قواعد مندرجہ بابھذا کا منشاء ہے۔ اور اس حکم کی ایک نقل دفتر جانچ میں بھیجنا چاہئے۔

64. *Re-employment after compensation pension*—An Officer who has obtained a compensation gratuity, if re-employed in qualifying service may either retain his gratuity, in which case his

انعام معاوضہ کے بعد دوبارہ ملازمت

۶۴ — اگر کوئی ایسا عہدہدار جسے انعام معاوضہ مل چکا ہے دو بارہ ایسے صیغہ میں ملازم رکھا جاوے جہاں حق پینشن قایم ہوتا ہے تو وہ یا تو اپنا انعام قایم رکھہ سکتا ہے۔ لیکن ایسی صورت میں ۱ کی سابقہ

ملازمت آئندہ پینشن کےلئے شمار میں نہیں آویگی۔ یا انعام واپس کر سکتا ہے اور ایسی صورت میں اسکی سابقہ سروس شمار میں آسکیگی۔

former service will not count for future pension or refund it and count his former service.

۶۵— دوبارہ ملازمت پر واپسی انعام کا ارادہ فوراً ظاہر کردینا چاہئے لیکن واپسی ماہوار اقساط سے ہو سکیگی جو ایک ثلث تنخواہ سے کم نہوئی اور نیز اسکی مقدار اس تعداد سے کم نہوئی جوکل زر انعام کو ان مہینونکی تعداد سے (یعنی درمیانی تفاوت وقائع ہونیکے بعد سے اگلی سروس تک) تقسیم کرنے پر برآمد ہو جو اس ملازمت کے اختتام کے بعد سے جسپر انعام عطا ہوا گذر چکے ہیں تا وقتیکہ کل زر انعام واپس نہ کیا جاوے سابقہ سروس محسوب ہونیکا حق قائم نہیں ہوگا۔

65. The intention to refund must be stated immediately on re-employment; but the refund may be made by monthly instalments of not less than one third of the officer's salary and also not less than the whole gratuity divided by the number of months which have elapsed since the end of service for which the gratuity was given. The right to count previous service does not revive till the whole amount is refunded.

پینشن معاوضہ کے بعد

۶۶— اگر کوئی عہدہ دار جو پینشن معاوضہ حاصل کرچکا ہے دوبارہ ملازم رکھاجاوے تو علاوہ تنخواہ کے وہ پینشن بھی قائم رکھہ سکتا ہے بشرطیکہ اگر دوبارہ ملازمت پر تنخواہ و پینشن کی رقم اس عہدہ کی تنخواہ سے زیادہ ہوجاوے جسکی تخفیف پر پینشن دیگئی تھی۔ تو پینشن مذکور کلیتاً یا جزواً رکی رہیگی اگر وہ پینشن سے دست بردار ہوجاوے تو اسے آئندہ پینشن کےلئے سابقہ سروس محسوب کرنیکی اجازت ہوسکیگی جو پینشن درمیان میں وصول کیگئی ہو اوسکے واپس کرنیکی ضرورت نہیں۔

66. *After compensation pension*-An officer who has obtained a compensation pension, if re-employed, may retain his pension in addition to pay provided that the pension shall remain wholly or partly in abeyance if the sum of the pension and the pay on re-employment exceeds the pay of the appointment on the abolition of which the pension was given. If he surrenders his pension he may be permitted to count his previous service for future pension. Pension intermediately drawn need not be refunded.

۶۷— جو حق ایک عہدہ دار کو قاعدہ ماسبق کی روسے پینشن ترک کرنے اور سابقہ سروس محسوب کرنیکے بارہ میں دیا گیا ہے اسکو اگر دوبارہ ملازم ہونیکی تاریخ سے اندرون تین ماہ استعمال میں نہ لایا جاوے تو اس میعاد کے بعد اسکا حق زائل ہوجاویگا۔

67. If an officer does not within three months from the date of his re-employment exercise the option conceded by the preceding rule of ceasing to draw pension and counting his former service, he may not there after do so.

۶۸—جو عہدہ دار قاعدہ نمبر ۶۶ کے موافق تنخواہ کے علاوہ پینشن بھی حاصل کررہا ہو وہ نئی ملازمت میں رخصت پر جانیکی حالت میں اس قدر پینشن حاصل کریگا جو تنخواہ زمانہ رخصت سے ملکر اسی قدر ہوجاوے جو عہدہ دار مذکور کو تخفیف شدہ عہدہ پر ملتی- اگروہ اسی قسم کی رخصت انہی حالات میں حاصل کرتا بشرطیکہ تنخواہ بہ زمانہ رخصت کسی صورت میں بھی پینشن سے کم نہوگی-

68. An officer who under Rule 66 draws pension in addition to pay shall during leave of absence from his new office draw so much of his pension as will bring his whole allowance during leave upto the amount which would have been admissible to him if he had taken leave of the same kind under the same circumstances while holding his abolished appointment; provided that his allowance on leave shall never be less than his pension.

پینشن معذوری کے بعد

۶۹—کسی عہدہ دار کی جس نے پینشن معذوری پانیکے بعد تندرستی حاصل کرلی ہو دوبارہ ملازمت کے لئے کوئی روک نہیں ہے- یا اگر وہ کسی خاص صیغہ میں ملازمت کے لئے ناقابل ہونیکی وجہ میں معذور کیاجاوے تو کسی دوسرے صیغہ میں دوبارہ ملازمت کے لئے کوئی روک نہیں ہے- اس صورت میں بھی قواعد متعلق واپسی انعام وحصول پینشن و محسوبی ملازمت وہی ہونگی جو پینشن معاوضہ کے بعد دوبارہ ملازمت کیلئے درج کئے گئے ہیں-

69. *After invalid pension*- There is no bar to the re-employment of an officer who has regained health after obtaining invalid pension or if an officer is invalided as being incapacitated for employment in a particular branch of the service to his re-employment in some other branch of the service. The rule in such a case as to the refunding of the gratuity, drawing pension and counting service are the same as in the case of re-employment after compensation pension.

پینشن اختتام ملازمت کے بعد

۷۰—جو ملازم اختتام ملازمت پر پینشن حاصل کرے وہ ایسے صیغہ میں جسکی تنخواہ ریاست کی آمدنی یا مقامی فنڈ سے دیجاتی ہو دوبارہ ملازم نہ رکھاجائیگا نہ ملازمت جاری رکھ سکیگا بہ استثنائے اسکے کہ سرکاری ضرورت کے لحاظ سے کسی عارضی ڈیوٹی پر اور وہاں بھی دربار عالیوقار دام اقبالہٗ کی خاص منظوری سے رکھا جاوے-

70 *After retiring pension*- An officer who is in receipt of retiring pension shall not be re-employed or continue to be employed in service paid from state revenue or from a local fund, except on public grounds, for a temporary duty and with the special sanction of the Darbar.

۷۱—دربار عالیوقار دام اقبالہٗ حکم صادر فرماوینگے کہ اسکی کل پینشن بند کیجاوے یا اسکا کچھہ حصہ-

71. The Darbar shall determine whether his pension shall be held wholly or partly in abeyance.

جدید ملازمت پر پینشن

۷۲—جو ملازم پینشن کے ساتھہ علیحدہ کیاجاوے اور بعد میں دوبارہ ملازم ہوجاوے تو اوسکی جدید خدمات جداگانہ پینشن کے لئے محسوب نہ ہونگی جدید خدمات کو سابقہ خدمات میں شامل کرنیکی صورت ہی میں پینشن قبل منظوری ہوگی اور اوسوقت کل ز ایک ملازمت شمار ہوگا۔

72. *Pension for new service*- An officer who having been discharged with a pension is subsequently re-employed may not count his new service for a separate pension. Pension is admissible only for the new service, combined with the old, the whole being counted as one service.

باب ہفتم

درخواست بابت پینشن و منظوری پینشن

Chapter VII.

Application for and grant of pension.

۷۳—رتائر ہونیکے بعد کوئی میعاد مقرر نہیں ہے جسکے اندر اندر پینشن یا انعام کی درخواست پیش کیجاوے لیکن ملازم کے رتائر ہونیکے بعد پینشن کے لئے درخواست کیجاوے اوسکا اجراء تاریخ درخواست سے ہوگا۔

73. There is not limitation on the period after retirement within which an application for pension or gratuity must be submitted but a pension applied for after the officer has retired begins from the date of application.

۷۴—جونہی کہ کوئی ملازم پینشن پر رتائر ہونیکی خواہش ظاہر کرے اسکی خدمات کی تصدیق کی کار روائی عمل میں لائی جاوے لیکن یہہ کار روائی سبکدوشی کی تاریخ سے قبل از چھہ ماہ نہیں ہونا چاہئے۔

74. As soon as an officer has expressed his desire to retire on pension, but not before six months of the date of retirement, steps should be taken to have his service verified.

۷۵—ملازم کی سروس بک یا دوسرے سرکاری کاغذات سے فارم حرف (الف) مرتب کرکے ان دفاتر میں بہیجاجاوے جہاں کہ درخواست گذار نے خدمات انجام دی ہیں تاکہ دفتر مذکور کے کاغذات سے تصدیق ہوجائے یا اگر ایسے کاغذات سے تصدیق ناممکن ہو تو ایسی شہادت سے جو دستیاب ہو سکے تکمیل کیجاوے مثلاً سرٹیفکیٹوں سے جو دفتر کا چارج دیتے وقت افسران نے دئے ہوں اور ہمعصر ملازمان کی شہادت سے۔

75. A statement would be prepared in form 'A' from the officer's Service Book or other official records and forwarded to the offices in which the applicant served for verification from the records of that office or if verification from such records is impossible from such collateral evidence as may be procurable, for instance certificates such as those given by an officer on his leaving office and the testimony of contemporary servants.

۷۶—جو طریقہ قاعدہ ماسبق میں تجویز کیاگیاھے اس کے موافق کار روائی تصدیق مکمل ہونیکے بعد افسر سرشتہ کو فارم حرف (ب) پر درخواست تیار کرکے فارم مذکور و فارم (الف) و سروس بک اور تمام وہ کاغذات جن پر سروس ظاھر کردہ کی تصدیق کا نحصارھے بتوسط افسران بالا دفترجانچ میں بھیجدینےچاھیں اگردرخواست گذار ایکٹو سروس (ملازمت) میں نہ رھاھو تو آخری سرٹیفکٹ تنخواہ ھمرہ درخواست منسلک کیا جا وے۔

76. After completing the verification in the manner prescribed in the preceding rule: the Head of the Office should draw up the application in Form B and forward it with Form A, Service Book and all the documents relied upon for verification of the service claimed, through the official channel to the Audit Office. If an applicant for pension is no longer in active service a last pay certificate should be attached to the application.

۷۷—جو افسر درخواست ارسال کریں وہ درخواست پر تصدیق کرینگے کہ آیا درخواست گذار کا چال چلن طرز عمل اور گذشتہ خدمات اس قابل ھیں کہ اسکو دربار عالیوقار دام اقبالہٗ کے لحاظ مناسب کا مستحق بنائیں۔ اگر درخواست پینشن بشرح اعلیٰ ھو تو انہیں احاظ رکھنا چاھئے کہ جو ایام رخصت و معطلی وغیرہ سروس میں محسوب ھونے کے لائق نہیں ھیں وہ سب درج کئے جاویں

77. The officer who submits the application should certify on the application whether the character, conduct and past service of the applicant are such as to entitle him to the favourable consideration of the Darbar. If the application is for pension on the superior scale, he must be careful to enter all periods leave, suspension, etc., which are not reckoned as service.

افسر مذکور کو لازم ھے کہ ھمیشہ رائے درج کرے کہ آیا ظاھر کردہ خدمات ثابت اور قابل تسلیم ھیں یا نہیں۔ خصوصاً جن صورتونمیں کہ کارروائی مجوزہ قاعدہ نمبر ۷۵ (جملہ آخر) کے بموجب عمل کرنا ضروری ھو تو تحقیقات کی اصل نوعیت اور وہ نتیجہ جو افسر مذکور نے نکالاھے خاص طور سے درج رپورٹ کیاجائے۔

He must also invariably record his own opinion whether the service claimed has been established and should be admitted or not, especially in those cases in which it becomes necessary to resort to the procedure prescribed by Rule 75 (concluding sentence) when the exact nature of the investigation made and conclusions at which the authority has arrived must be especially reported.

اگر پینشن معذوری کےلئے درخواست کیجاوے اور درخواست گذار کی عمر ساٹھہ سال سے کم ھو

If the application is for an Invalid pension and the applicant is less than

تو ڈاکٹری سرٹیفکٹ مطلوبہ درخواست کے ساتھہ منسلک کیاجائے۔

60 years old the requisite medical certificate should be attached to the application.

اختیارات منظوری

۷۸—دفتر جانچ سے جس پنشن کی نسبت یہہ تصدیق ہوجائے کہ وہ قواعد ہذا کے تحت میں صاف طورپر اور قواعد کے مطابق جائز ہے تو اس کی منظوری اسٹیٹ کونسل سے ہوسکتی ہے بشرطیکہ اسکی تعداد چالیس روپیہ ماہانہ سے زائد نہ ہو جن پینشنوں کی تعداد اس رقم سے متجاوز ہو یا جسمیں کسی قاعدہ میں رعایت منظور ہوتو اسکی منظوری پیشگاہ حضور انور دام اقبالہ سے ہوگی۔

78. *Powers of sanction*- A pension which is certified by the Audit Office to be clearly and strictly admissible under these rules may be sanctioned by the State Council if it does not exceed Rs. 40 per mensem. Pensions in excess of this amount or involving any relaxation of any rule require the sanction of His Highness.

نوٹ— ممبر صاحب بہادر فنانشل کو اختیار ہوگا کہ جملہ قسم کی پینشنیں بشمول انعام ایسے ملازمان ریاست کومنظور کرسکینگے جنکی تنخواہ ساٹھہ روپیہ ماہانہ تک ہو۔

Note:— The Finance Member is empowered to sanction all kinds of retiring pensions including gratuities in respect of the State Officials drawing pay upto Rs. 60 per mensem.

۷۹—جو مقدار کسی ملازم کے لئے منظور ہوئی ہے اسکی نسبت اگر بعد میں یہہ معلوم ہو کہ وہ اس مقدار سے زیادہ ہے جسکا قواعد ہذا کے تحت میں وہ مستحق تھا توملازم مذکورکوایسی زائدرقم واپس کرناہوگی۔

79. Should the amount granted by an officer be afterwards found to be in excess of that to which he is entitled under the rules he will be called upon to refund such excess.

باب ہشتم

ادائیگی پینشن

Chapter VIII.

Payment of pension.

قواعد عامہ

۸۰—پینشن اس تاریخ سے قابل ادا ہے جس تاریخ سے کہ پینشنرملازمت سےعلیحدہ ہو یا اس تاریخ سے جبکہ وہ درخواست پینشن کرے ان دونوں میں سے جو تاریخ بعد کی ہو اگر تاخیر کی وجہہ کافی طور پر ظاہر ہوجاوے تو

80. *General Rules:*— A pension is payable from the date on which the pensioner ceases to be borne on the establishment or from the date of his application which-ever is later. The rule may be relaxed in this particular by

افسر منظور کنندہ پینشن اندرین باب قاعدہ ھذا میں رعایت کرسکتے ھیں۔

authority sanctioning the pension when the delay is sufficiently explained.

۸۱— منظوری حاصل ھونے پر انعام یکمشت اداکیا جاو یگا نہ کہ بذریعہ اقساط۔

81. A gratuity is paid in a single sum and not by instalments on receipt of sanction.

۸۲—قواعد مندرجہ ذیل کے تحت میں پینشن ایک خزانہ ریاست سے ماھوار ھر ماہ گذر جانیکے بعد پہلی تاریخ یا اوسکے بعد کی تاریخوں میں قابل ادا ھوگی۔

82. A pension is payable at a State Treasury monthly on and after the first day of the following month under the following Rules:—

آرڈر ادائے پینشن وصول ھونے پر افسر تقسیم کنندہ نصف حصہ فارم پینشنر کو دیدیگا اوردوسرا نصف حصہ باحتیاط اس طریقہ پر رکھیگا کہ پینشنر کو اسپر دسترس نہو۔

On receipt of the pension payment order the disbursing officer will deliver one half to the pensioner and keep the other half carefully in such a manner that the pensioner shall not have access to it.

رقم جو ادا کیجائے اسکا اندراج آرڈر ادائے پینشن کے اس نصف حصہ پر جو پینشنر کے پاس ھے اور نیز اس نصف حصہ پرجو تقسیم کنندہ افسر کے پاس ھے کیا جاو یگا۔ افسر تقسیم کنندہ کے دستخط سے ھر دو اندراجات کی بوقت ادائے رقم تصدیق ھونا چاھئیے۔

Each payment made is to be entered on the reverse both of the pensioner's half and of the disbursing officer's half of the pension payment order, both entries being attested at the time of payment by the signature of the disbursing officer.

کسی صورت میں بھی بلا خاص منظوری اسٹیٹ کونسل پہلی مرتبہ ایک سال سے زائد پینشن کا بقایا نہیں دیا جاو یگا۔

A pension should under no circumstances be paid for the first time in arrears for more than one year without special orders of the State Council.

جس روز کہ پینشنر فوت ھو اس روز کی پینشن قابل ادا ھے۔

A pension is payable for the day on which the pensioner dies.

عدالت دیوانی، کسی دیوانی ڈگری کے سلسلہ میں پینشن قرق نہیں کرسکتی۔

A pension can not be attached by a Civil Court in satisfaction of any Civil Degree.

شناخت | ۸۳—اصولی طور پر پینشنر کو آرڈر

83. *Identification*—As a rule a pen-

ادائے پینشن سے مقابلہ ہوکر شناخت کے بعد بذات خود پینشن وصول کرنا ہوگی۔

sioner must take payment in person after identification by comparison with the Pension Payment Order.

۸۴—جو پینشنر اسٹیٹ کونسل کے حکم سے اصالتاً حاضری سے خاص طور پر مستثنا کردیا جاوے یا جو پینشنر مستورات پردہ نشین ہوں یا جو پینشنر فرد بوجہ جسمانی علالت یا کمزوری حاضری کے قابل نہ ہوں وہ مجسٹریٹ کا دستخطی حیات نامہ پیش کرنے کے بعد پینشن وصول کرسکتے ہیں

84. A pensioner specially exempted by the State Council from personal appearance, a female pensioner not accustomed to appear in public, or a male pensioner who is unable to appear in consequence of bodily illness or infirmity may receive his or her pension upon the production of a life certificate signed by a Magistrate.

۸۵—افسر تقسیم کنندہ کو لازم ہے کہ اون تمام صورتوں میں جو قاعدہ ماسبق میں درج ہیں احتیاط عمل میں لائے اور پینشنر کی حیات کا جو ثبوت حیات نامہ سے بہم پہونچا ہے اسکے علاوہ سال میں کم از کم ایک مرتبہ علیحدہ ثبوت لے۔

85. In all cases referred to in the preceding rule the disbursing officer must take precaution and must at least once a year require proof independent of that furnished by the life certificate of the continued existence of the pensioner.

مختاروں کو ادائیگی

۸۶—جو پینشنر ٹونک میں سکونت نہ رکھتا ہو وہ باقاعدہ مقرر کئے ہوئے مختار کے ذریعہ سے اپنی پینشن وصول کرسکتا ہے مختار مذکور کے لئے لازم ہوگا کہ ہر مرتبہ مجسٹریٹ کا سرٹیفیکٹ پیش کرے کہ جس تاریخ تک کی پینشن طلب کی گئی اس تاریخ تک پینشنر زندہ تھا۔

86. *Payments to Agents:*— A pensioner not resident in Tonk may draw his pension through a duly authorised Agent who must produce a certificate by a Magistrate on each occasion that the pensioner was alive on the date to which his pension is claimed.

۸۷—درخواست پینشن ہونے اور کافی وجہ ظاہر ہونے پر ممبر فنانشل ایک خزانہ کے بجائے دوسرے خزانہ سے ادائیگی کی منظوری دیسکینگے حکم مجریہ کی ایک نقل اس افسر خزانہ کے پاس جانا چاہئے جہاں کہ آئندہ ادائیگی ہوگی۔

87. The Finance Member may on application and on sufficient cause being shown permit transfer of payment from one treasury to another; a copy of orders issued being forwarded to the officer in charge of the Treasury where the future payments are to be made.

۸۸—پینشنر کو لازم ہے کہ اس بل کے ساتھ سرٹیفکٹ بالفاظ ذیل منسلک کرے

88. A pensioner is required to append to his bill a certificate as follows:-

"میں یہہ اظہار کرتاھوں کہ جس مدت کی
رقم پینشن مندرجہ بل ھذا واجب ھے
اوس دوران میں میں نے کسی ملازمت
ریاست یا مقامی‌فنڈ میں ملازمت کرکے
کوئی تنخواہ وصول نہیں کی ھے۔"

"I declare that I have not received any remuneration for serving in any capacity either under the State or local fund during the period for which the amount of pension claimed in this bill is due."

ان پینشنروں کے لئے جنہیں دوبارہ ملازمت کے بعد پینشن حاصل کرنیکی اجازت ھو سرٹیفکٹ مذکورہ میں واقعات کےموافق ترمیم عمل میں‌لائی جاویگی۔

In the case of pensioners permitted to draw pension after re-employment, this certificate should be modified according to facts.

۸۹—جب آرڈر ادائے پینشن کی پشت پرھو جاوے یا جب پینشنرکے پاس والا نصف حصہ پرانا هوجائے یا پهٹ جاوے یا پینشنر کے پاس سے گم هوجاوے تو افسر خزانہ هر دو نصف حصوں کی تجدید کردیگا۔

89. When the reverse of a pension payment order is filled up or when the pensioner's half is found to be worn or torn or lost by the pensioner, both halves may be renewed by the Treasury Officer.

۹۰—اگر پینشن ایک سال سے زائد عرصہ‌تک وصول نہ کیجاوے تو بتوسط محکمہ جانچ اسٹیٹ کونسل‌کی‌ماقبل منظوری‌کےبغیر پینشن‌قابل‌ادانہیں رهتی۔

90. If a pension remains undrawn for more than one year the pension ceases to be payable without the previous sanction of the State Council to be obtained through the Audit Office.

۹۱—پینشنر کے فوت هوجانے پر جو رقم در اصل واجب هو وہ اوسکے ورثا کو ضمانت نامہ تحریر کرنے پردیجاسکیگی بشرطیکہ اوسکی فوتی سے ایک سال کے اندر درخواست پیش کردیں۔

91. On the death of pensioner, payment of any arrears actually due may be made to his heirs on the execution of an indemnity bond, provided that they apply within one year of his death.

FORM A.

Details of Service.

Department in which service rendered.	Designation.	Pay.	Acting allowance.	Date of beginning of service.	Date of ending of service.	Service Counted.			*Service not Counted.			Remarks.	How much verified.	Report from Audit Office.
						Years.	Months.	Days.	Years.	Months.	Days.			

*Periods of leave not countable should be entered in this column.

I certify that I have satisfied that the above details are correct.

Head of Office.

فارم حرف (الف)

تفصیلات ملازمت

نام محکمہ جہاں ملازمت انجام دیگئی		
عہدہ		
تنخواہ		
ایکٹنگ (انچارجی کا) الاؤنس		
تاریخ ابتدائی ملازمت		
تاریخ ختم ملازمت		
ملازمت جو محسوب کیگئی	سال	
	ماہ	
	یوم	
ملازمت جو محسوب نہیں کیگئی *	سال	
	ماہ	
	یوم	
کیفیت		
کس قدر ملازمت کی تصدیق ہوئی		
رپورٹ محکمہ جانچ		

* جو زیادہ رخصت محسوب ہونیکے قابل نہ ہو وہ اس خانہ میں درج کیاجاوے۔

میں تصدیق کرتا ہوں کہ میں نے اطمینان کرلیاھے کہ تفصیلات مندرجہ بالا صحیح ہیں

FORM B.

Application for Pension and Gratuity.

1. Name of applicant.
2. Father's name.
3. Caste.
4. Place of residence.
5. Appointment at the time of pension.
6. Date of beginning of service.
7. Date of ending of service.
8. Period of service. Years. M. D. Out of which Superior service for out of which inferior service for other kind of service not counting towards pension.
9. Reasons for applying for pension or gratuity.
10. Date from which pension should begin.
11. Date of birth of applicant.
12. Marks of identification.

Head of Office.

Report of Head of Office.

1. Conduct of applicant.
2. Suspension or degradation.
3. Any other.
4. Whether the pension claimed should be admitted.

Signature of Head of Office.

To,

The Finance Member,

State Council,

Tonk.

The applicant for pension of together with statement A and the Service Book is forwarded for necessary action.

Head of Office.

Report of Audit Department.

Yrs. M. D. of superior/inferior service is verified as detailed below.

A pension of Rs. is admissible under the rules.

The application requires the sanction of the State Council. The papers are returned to office of origin for obtaining necessary sanction.

Audit Officer.

فارم حرف (ب)

درخواست بابت پینشن یا انعام

(۱) نام درخواست گذار

(۲) ولدیت

(۳) قوم

(۴) سکونت

(۵) عہدہ بوقت پینشن

(۶) تاریخ ابتدائے ملازمت

(۷) تاریخ انتہائے ملازمت

(۸) مدت ملازمت سال ماہ یوم

منجملہ اسکے اعلی ملازمت

منجملہ اسکے ادنی ملازمت

دیگر قسم کی ملازمت جو پینشن میں محسوب نہیں ہوئی۔

(۹) درخواست پینشن یا انعام کی وجہ

(۱۰) تاریخ جس سے پینشن شروع ہوگی

(۱۱) تاریخ پیدائش درخواست گذار

(۱۲) حلیہ درخواست گذار

افسر محکمہ

(رپورٹ افسر محکمہ)

(۱) درخواست گذار کا کانڈکٹ (چال و چلن)

(۲) معطلی یاتنزلی

(۳) دیگر امور

(۴) کیا پینشن مطلوبہ قابل منظوری ہے۔

دستخط افسر محکمہ

بملاحظہ جناب ممبر صاحب بہادر فنانشل ریاست ٹونک

درخواست پینشن معہ نقشہ (الف) و سروس بک بغرض کار روائی ضروری ارسال خدمت ہے

دستخط افسر محکمہ

رپورٹ محکمہ جانچ

اعلیٰ/ادنیٰ ملازمت کے سال ماہ یوم کی تصدیق حسب صراحت مندرجہ ذیل ہوچکی ہے

بموجب قواعد پینشن۔ پینشن تعدادی روپیہ قابل منظوری ہے

درخواست محتاج منظوری استیٹ کونسل/سرکار عالی دام اقبالہٗ ہے۔

اصل کاغذات دفتر متعلقہ میں بغرض حصول منظوری واپس ہوں۔

دستخط افسر جانچ

PART III.

Rules for the Grant of Travelling Allowances

IN

The Tonk State.

حصہ سویم

قواعد بھتہ و سفر خرچ ریاست ٹونک

دربار عالیوقار ریاست ٹونک دام اقبالہٗ حسب ذیل قواعد بابتہ عطائے سفرخرچ بہ ملازمان ریاست و دیگران جاری فرماتے ھیں:—

ان قواعد کا نفاذ یکم ستمبر سنہ ۱۹۳۱ ء سے ھوگا علاوہ ان لوگوں کے جن کی خدمات گورنمینٹ ھند سے منتقل کیگئی ھیں۔ یہہ قواعد تمام ملازمان ریاست پر عائد ھونگے ان ملازمان کا سفر خرچ بموجب ان قواعد کے جو شرائط تقرر میں درج ھونگے ملیگا۔

تمام سابقہ قواعد و احکام جو وقتاً فوقتاً عطائے سفر خرچ کے بارہ میں جاری ھوئے ھیں منسوخ کئے جاتے ھیں

صرف محکمہ فنانشل کو ان قواعد کی توضیح و تصریح کا اختیار حاصل ھوگا

باب اول

جنرل (عام)

نمبر ۱-سفر خرچ اس اصلی صرفہ کو جوکسی ملازم نے دوران سفر میں اپنے خدمات کے مفاد میں کیا ھے پورا کرنیکو دیا جاتا ھے - یہہ ایک بنیادی اصول ھے کہ سفر خرچ منافع کا ذریعہ نہیں ھے

Part III.

Rules for the grant of travelling allowances in the Tonk State.

His Highness the Nawab Sahib of Tonk is pleased to issue the following rules for the grant of Travelling allowances to State Servants and others in the Tonk State.

These rules will take effect from the 1st September, 1931. They will apply to all State Servants, except those whose services have been obtained on loan from Government. In their case the Travelling Allowance will be granted in accordance with the rules referred to in the terms of appointment.

All previous rules and orders dealing with the question of the grant of Travelling Allowances issued from time to time are hereby cancelled.

The powers of interpreting these rules is vested in the Finance Department.

Chapter I.

General.

1. Travelling Allowance is given to an officer to cover the actual travelling expenses incurred by him in travelling in the interests of the service. It is a fundamental principle that the allowance is not to be source of profit.

۲—ذیل میں مختلف اقسام کے سفر خرچ درج ہیں جو مختلف صورتوں میں ملازمین ریاست حاصل کر سکینگے

(الف) مستقل سفر خرچ
(ب) الاؤنس سواری و اسپ
(ج) مائلیج
(د) بھتہ یومیہ
(ر) اصل صرفہ سفر

2. The following are the different kinds of Travelling Allowances which may be drawn in different circumstances by State Servants:—

(a) Permanent travelling allowance
(b) Conveyance or horse allowance.
(c) Mileage allowance.
(d) Daily allowance.
(e) Actual cost of travelling.

۳—سفر خرچ علاوہ الاؤنس مستقل و الاؤنس اسپ یا سواری کے جو کسی سفر پر کسی ملازم ریاست کے لئے قابل منظوری ہے وہ قواعد ہذا کے باب چہارم یا ہفتم کے مطابق سفر کے اغراض پر لحاظ کرتے ہوئے محسوب کیا جاویگا۔

3 Travelling allowance, other than permanent travelling allowance and conveyance or house allowance, admissible to a State Servant for any journey will be calculated with reference to the purpose of journey in accordance with Chapters iv to vii of these rules.

۴—تاوقتیکہ قواعد ہذا میں صریحاً درج نہو کسی ملازم ریاست کو خواہ وہ کسی ضرورت سے سفر کرے اپنے خاندانی اپنے ذاتی اسباب یا سواری خیمہ و ضروریات کیمپ کو لیجانیکا صرفہ ریاست سے وصول کرنیکا اختیار نہوگا۔

4. Unless in any case it be expressly provided in these Rules, a State Servant making a journey for any purpose is not entitled to recover from the State the cost of transporting his family, or his personal lugguage, conveyance, tent and camp equipage.

۵—سفر خرچ ادا کرنیکی غرض سے ملازمان ریاست کو حسب ذیل گریڈس (درجوں) میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

اول—درجۂ اول میں وہ افسران شامل ہیں جو ایسے عہدوں پر مقرر ہوں جنکی تنخواہ تین سو انچاس روپیہ ماہانہ سے زیادہ ہو۔

دویم—درجہ دویم میں وہ افسران شامل ہیں جو ایسے عہدوں پر مامور ہوں جنکی تنخواہ ننیانوے روپیہ ماہانہ سے زیادہ ہو لیکن تین سو انچاس سے زیادہ نہو۔

5. For the purpose of Travelling Allowance rules, State Servants are divided into four classes.

I. The first class includes officers, who draw pay, which exceeds Rs 349/-.

II. The second class includes officers, who draw pay, which exceeds Rs 99/- but does not exceed Rs 349/-.

سویم — درجہ سویم میں جملہ وہ ملازمان اعلیٰ شامل ہیں جو درجۂ اول و دویم میں شامل نہیں ہیں۔

III. The third class includes all officers in superior service, not included in Ist & IInd class.

چہارم — درجۂ چہارم میں جملہ ملازمان شاگرد پیشہ (درجۂ ادنیٰ) کے شامل ہیں

IV. The fourth class includes all officers in inferior service.

سفر خرچ ذریعہ ریل

Travelling by Railway.

ملازمان جو بسلسلہ کار سرکار ذریعہ ریل سفر کریں بطریق ذیل ریل کے مستحق ہونگے۔

Officers travelling by Railway on duty are entitled to class accomodation according to following scales :—

ملازمان درجہ اول	درجہ اول
ملازمان درجہ دویم	درجہ دویم
ملازمان درجہ سویم	درجہ سویم اگر ایسے ملازمین کی تنخواہ ۲۵ سے زیادہ ہو تو انٹر میڈیٹ ورنہ درجہ سویم
ملازمان درجہ چہارم	درجہ سویم

Officers of the first Class	1st class.
,, II	2nd ,,
,, III	3rd ,, if the pay of the officer exceeds Rs 25/- Intermediate class otherwise 3rd class.
,, IV	3rd class.

سفر ذریعہ سڑک

Journey by Road.

بصورت سفر ذریعہ سڑک مائیلیج الاؤنس بشرح ذیل شمار دیاجاویگا۔

For journeys by Road, mileage is calculated at the following rates :—

ملازمان درجہ اول	۶؍
ملازمان درجہ دویم	۴؍
ملازمان درجہ سویم	۳؍
(۱) اگر تنخواہ ۲۵ سے زیادہ ہو۔	۳؍
(۲) اگر تنخواہ ۲۵ سے زیادہ نہو	۲؍
ملازمان درجہ چہارم	۱؍

Officers of the 1st class	Rs 0/6/-
,, ,, 2nd ,,	Rs 0/4/-
,, ,, 3rd ,,	Rs 0/3/-
(1) if the pay of officer exceeds Rs 25/-	0/3/-
(2) if does not exceed Rs 25/-	-/2/-
,, ,, 4th ,,	-/1/-

بھتہ یومیہ

ملازمان بھتہ یومیہ کے بہ تفصیل ذیل مستحق ہونگے۔

(اول) ملازمان درجہ اول۔

(الف) بصورت ممبرکونسل عالیہ یا کسی افسر کے جو ایسے عہدہ پر مامور ہو جسکی تنخواہ [illegible] سے زیادہ ہو۔ [illegible]

(ب) بصورت ایک عہدہ دار کے جو ایسی جگہ پر مامور ہو جسکی تنخواہ [illegible] سے زیادہ ہو مگر [illegible] سے زیادہ نہو۔ [illegible]

(دویم) عہدہ داران درجہ دویم

انکے عہدہ کی تنخواہ کے ہر [illegible] یا [illegible] کی کسر پر بشرح ۴؍ جسکی مجموعی تعداد ڈھائی روپیہ سے زیادہ نہ ہوگی۔ [illegible]

(سویم) ملازم درجہ سویم۔

اسکے عہدہ کی تنخواہ کے ہر [illegible] یا [illegible] کی کسر پر بشرح ۲؍ جسکی تعداد کم از کم ۸؍ ہوگی

(چہارم) ملازمان درجہ چہارم

(۱) اگر تنخواہ ملازم دس روپیہ ماہانہ یا اس سے زیادہ ہو تو ۶؍

(۲) اگر تنخواہ ملازم دس روپیہ ماہانہ سے کم ہو تو ۵؍

Daily Allowance.

Officers are entitled to daily allowance as follows:—

(I) Officers of 1st Class.

(*a*) For a Member of Council, or officer holding an appointment, the pay of which exceeds Rupees 600/-.......................Rs 5/-

(*b*) For an officer holding an appointment, the pay of which exceeds Rupees 349/- but does not exceed Rs 600/-.....................Rs 4/-

(II) Officers of the 2nd class

Rs /4/- , for every Rs 25/0/0 or fraction of Rs 25/- of the pay of his appointment subject to a maximum of Rupees 2/8.............................. Rs 2/8/-

(III) An officer of 3rd class,

two annas for every Rs 12½ or fraction of Rs 12½ of the pay of his appointment, subject to a minimum of Rupees -/8/-.............................Rs -/8/-

(IV) An officer of 4th class -/6/-

1. If the officer's pay is Rs 10/- or above -/6/-

2. If the officer's pay is below Rs 10/- ....-/5/-

Note 1. Candidates proceeding outside for education and professional trainings may be allowed T. A. as under:—

(1) Actual Rly. Fare, not exceeding that for Intermediate class.

(2) Actual coolie charges.

(3) Daily allowance @ a rate not exceeding -/12/- p.d., subject to a minimum of -/8/- p.d.

Note 2. The State Engineer may be treated as I class officer for purposes of T.A.

Note 3. Members of the Public Assembly may be allowed Daily Allowance, T.A. and conveyance allowance as follows:-

(1) All non-official members may, for dates on which session of the assembly is held, be paid Rs 1/-/- daily as conveyance allowance.

(2) Non-official members, coming from outside Purgnahs may be paid daily allowance @ Rs 2/-/- p. d.

Note. 4 The officers while on tour will be allowed T.A. or D.A. or mileage allowance in accordance with their present respective grades vide scales already laid down in

نوٹ نمبر ۱—امیدواران جو باہر تعلیم اور پیشہ ورانہ تربیت کے لئے جاویں اونکو بھتہ حسب طریقہ ذیل دیاجاوے-

(۱) واقعی کرایہ ریل جو کرایہ درجہ انٹرمیڈیٹ سے زیادہ نہو-

(۲) واقعی مزدوری قلی

(۳) الاؤنس (بھتہ) یومیہ- جسکی تعداد کم از کم آٹھہ آنہ یومیہ ہوگی لیکن بارہ آنہ یومیہ سے زیادہ نہوگی

نوٹ نمبر ۲— سفر خرچ کے اغراض کے لئے اسٹیٹ انجینیر کو افسردرجہ اول متصورکیاجاوے

نوٹ نمبر ۳— ممبران مجلس عامہ کو بھتہ یومیہ- سفرخرچ- اور الاؤنس سواری بشرح ذیل دیا جاوے-

(۱) جملہ غیر سرکاری ممبران کو جلسۂ عامہ کی تواریخ میں سواری الاؤنس بشرح ایکروپیہ یومیہ دیا جاوے

(۲) جملہ غیر سرکاری ممبران کو جو بیرونی پرگنات سے آویں بھتہ یومیہ بشرح دو روپیہ یومیہ دیاجاوے-

نوٹ نمبر۴—افیسران ریاست جب دورہ میں جاویں تو انکو بھتہ یومیہ و سفر خرچ یا مائلیج الاؤنس اپنے اپنے موجودہ گریڈ کے مطابق علی الترتیب دیاجائیگا یعنی مطابق اسکیل مندرجہ دفعہ نمبر ۵ قواعد بھتہ سفرخرچ

ریاست - اعلی گریڈ کے مراعات اب انکو عطا نہونگے

Sec. 5 of Tonk State travelling allowance Rules. The concession of higher grades will no more be allowed to them.

۶—دربار عالیوقار بوجوہات مندرجہ کسی ملازم ریاست یا کسی جماعت ملازمین ریاست کو کسی گریڈ میں شامل کرنیکا حکم صادر فرماسکتے ہیں جو تجویز مندرجہ قاعدہ نمبر ۵ سے کم یا زیادہ ہو۔

6. The Darbar may, for reasons which should be recorded, order that any State Servant or class of State Servants shall be included in a grade higher or lower than that prescribed in Rule 5.

۷—کوئی ملازم ریاست جو بموقع تبادلہ ایک عہدہ سے دوسرے عہدہ کےلئے سفر کرے تو وہ اسی درجہ میں شمار کیا جاویگا جو ہر دو عہدوں میں کم ہو

7. A State Servant in transit from one post to another ranks into the grade to which the lower of the two posts would entitle him.

باب دویم

Chapter II.

مستقل سفر خرچ

Permanent Travelling Allowance.

۸—دربار عالیوقار کسی ملازم ریاست کو جس کے فرائض میں زیادہ سفر کرنا ضروری ہو مستقل ماہواری الاؤنس عطا فرماسکتے ہیں ایسا الاؤنس کل دوران سال میں ملیگا خواہ ملازم ریاست اپنے ہیڈ کوارٹر سے غیر حاضر ہو یا نہ ہو اور اسکی غایت ان تمام سفروں کے صرفہ کا پورا کرنا ہے جو پابندہ عہدہ دار کے حدود فرائض میں ہیں وہ کسی دوسرے قسم کا الاؤنس سفر بجائے یا بہ اضافہ مستقل سفر خرچ ایسے سفروں پر وصول نہیں کرسکتا سوائے ملازمان ریاست درجہ چہارم و دیگر جماعت ملازمین ریاست جنکے ساتھہ دربار عالی وقار اس خصوصیت کی توسیع فرمائیں وہ علاوہ مستقل الاؤنس سفر خرچ کے اکہرا کرایہ ریل اس سفر کا جو ریل سے کیا گیا ہو وصول کرسکتا ہے۔

8. A permanent monthly Travelling Allowance may be granted by the Darbar to any State Servant whose duties require him to travel extensively. Such an allowance is drawn all the year round whether the State Servant is absent from his head quarters or not, and is intended to cover the cost of all journeys within the sphere of duty of the State Servant who draws it. He may not draw any other travelling allowance in place of or in addition to the permanent travelling allowance for such journeys except that a State Servant of the 4th class, & any other class of State Servants to which the Darbar may extend this concession, may draw in addition to permanent travelling allowance, single fare for a journey by rail.

۹—مستقل الاؤنس دوران رخصت عارضی تبادله یا ایام سفر بموقع تبادله حاصل نهیں کیا جاسکیگا-

۱۰—جب کسی ملازم ریاست کے پاس بحیثیت قائم مقام یا مستقل طور پر ایسے دو یا زیادہ عہدوں کا کام هے جن کے ساتھه مستقل الاؤنس سفر بهی مقرر هے تو اسکو اسقدر مستقل سفر خرچ جسکی تعداد کل الاؤنس (یعنی جسقدر چارج اسکے پاس هوں) سے زیادہ نهو- جو ایک ممبر کونسل کے خیال میں اون سفروں کے صرفه کو پورا کرنے کے لئے کافی هو جو اسے کرنا پڑتا هے-

باب سویم

الاؤنس سواری و اسپ

۱۱—سرکار عالی دام اقبالهٔ ایسی شرائط پر جو وہ مناسب خیال فرماویں ایسے ملازم ریاست کو ماهواری الاؤنس سواری یا اسپ عطا کرسکتے هیں جسے اپنے هیڈ کوارٹر میں یا هیڈ کوارٹر سے تهوڑے فاصلے کے اندر زائد چلنا پهرنا پڑے که جسمیں قواعد هذا کی روسے وہ یومیه بهته پانیکا مستحق نهو-

۱۲—سوائے اس صورت کے جهاں قواعد هذا میں اسکے خلاف درج هو الاؤنس سواری یا اسپ دوران سال کے تمام حصه میں مل سکتاهے اور عدم موجودگی هیڈ کوارٹر پر بهی ضبط نه کیا جائیگا اور به اضافه دیگر الاؤنس سفر جو تحت قواعد هذا قابل منظوری هے دیاجاسکیگا بشرطیکه ان ملازم ریاست جسے سواری خرچ خصوصاً موٹر یا موٹر سائیکل رکهنے کی غرض سے دیاجا تاهے وہ مائیلیج یا یومیه بهته اس سفر کا جو اس نے موٹر یا موٹر

9. A permanent Travelling Allowance may not be drawn during leave, temporary transfer or joining time.

10. When a state servant holds, either substantively or in officiating capacity, two or more posts to each of which a permanent Travelling Allowances is attached, he may be granted such permanent Travelling Allowance, not exceeding the total of all the allowances as a Member of Council may consider to be necessary in order to cover the travelling expenses which he has to incur.

CHAPTER III.

Conveyance & Horse Allowance.

11. The Darbar may grant, on such conditions as it may think fit to impose, a monthly conveyance or Horse Allowance to any State Servant who is required to travel extensively at or within a short distance from his head quarters under conditions which do not render him eligible for daily allowance.

12. Except as otherwise provided in these rules; a conveyance or horse allowance is drawn all the year round, is not forfeited during absence from the head quarters and may be drawn in addition to any other Travelling Allowance admissible under these rules provided that a State Servant, who is not in receipt of a conveyance allowance,

سائیکل سے کیاھے حاصل نہیں کرسکیگا بجز ان شرائط کے جو افیسر منظور کنندہ الاؤنس سواری تجویز کرے۔

specifically granted for the up-keep of a Motor Car or Motor Cycle, shall not draw mileage or daily allowance for a journey by Motor Car or Motor Cycle except on such conditions as the authority which sanctions the conveyance allowance may prescribe.

۱۳—الاؤنس سواری یااسپ ایام سفر بموقع تبدلہ نہیں دیا جاسکیگا مگر دوران رخصت یاعارضی تبادلہ پر مل سکتاھے بشرطیکہ میعاد رخصت و تبدلہ دو ماہ سے زیادہ نہو اور آفیسر بالا تصدیق کردے کہ وہ اوس عہدہ پر واپس آجائیگا جسپر الاؤنس مقرر ھے۔

13. A conveyance or horse allowance may not be drawn during joining time. It may be drawn during leave or temporary transfer provided the leave or transfer is for a period, not exceeding 2 months, and the Superior Officer certified that he would rejoin the post to which the allowance is attached.

باب چہارم

دورہ

حصہ اول عام قواعد

CHAPTER IV.

Journeys on Tour.

Section I. General Rules.

۱۴—ایک ملازم سرکار کا ہیڈ کوارٹر ایسی جگہ ہوگا جو ممبر صاحب کونسل تجویز کریں

14. The headquarters of a State Servant shall be in such a place as a Member of Council may prescribe.

۱۵—ایک ملازم سرکاری کی ڈیوٹی کے حدود ممبر صاحب کونسل قائم کرینگے۔

15. A Member of Council may define the limits of the sphere of duty of any State Servant.

۱۶—ایک ملازم سرکار دورہ پرشمار کیاجاویگا جبکہ وہ اپنے ہیڈ کوارٹر سے بکار سرکار سفر کرے خواہ یہہ سفر اسکی ڈیوٹی کے حدود کے اندر ہو خواہ باقاعدہ منظوری کے ساتھہ ان حدود سے باہر ہو

16. A State Servant is on tour when absent on duty from his headquarters either within, or with proper sanction, beyond the sphere of his duty.

۱۷—شک کی حالت میں ممبر صاحب کونسل اس امر کا فیصلہ کرسکینگے کہ آیا کوئی مخصوص عدم حاضری بمنشاء قاعدہ نمبر ۱۶ بکار سرکار ہوئی ہے۔

17. In case of doubt a Member of Council may decide whether a particular absence is absence on duty for the purpose of Rule 16.

نوٹ نمبر ۱- ان ملازمان کو جو موٹرھاء یا دیگر
سواری ھ ئے کے ساتھہ جائینگے جو صاحبزادہ
صاحبان یا دیگر معززین کو مانگی ھوئی
دی جاویگی- بھتہ یومیہ نہیں دیاجاویگا

Note. 1. Servants deputed with cars or other conveyances lent to Sahibzadas or other respectable persons at their request shall not be allowed daily allowance.

نوٹ نمبر ۲-ضابطہ پولیس و فوج وغیرہ کو
جوبرات سیٹھہ ساھوکاران وغیرہ میں
متعین ھونگے اور جنکا صرفہ برات والوں
سے لیا جاویگا کوئی بھتہ نہیں دیاجاویگا

Note. 2- Members of Police Force or Armies etc. whose services are lent to Seths & Sahukars etc in connection with their marriage parties and fees are charged from them in lieu thereof shall not be allowed any Travelling allowance

۱۸— ممبر صاحب کونسل ایسے سفرکی مدت
(یعنے جسقدر ایام سفر درست ھوں) اور تعداد
(یعنی جسقدر مرتبہ وہ دورہ کرنا ضروری خیال
کریں) کے متعلق جو کسی ملازم سرکار یا کسی
جماعت ملازمان سرکار کو بضرورت دورہ کرنا ھو
ایسے قیود عائد کرسکتے ھیں جو وہ مناسب خیال
کریں

18. A Member of Council may impose such restrictions as he may think fit upon the frequency and duration of journey to be made on tour by any State Servant or class of State Servants.

۱۹— سفرخرچ جوایک ملازم سرکار کو بموقع
دورہ ملتاھے اسکی شکل عموماً مستقل الاؤنس سفر
خرچ یا بھتہ یومیہ یا جہاں قواعد ھذا کی روسے
واجب ھے اصل صرفہ سفرکی ھوتی ھے بعض صورتوں
میں یومیہ بھتہ مائلیج الاؤنس میں تبدیل کیا
جاسکتاھے یا اسکے علاوہ بھی لیا جاسکتاھے-

19. The travelling allowance drawn by a State Servant on tour ordinarily takes the shape of either permanent travelling allowance or daily allowance, or actual cost where permissible under these Rules. Under certain circumstances daily allowance may be exchanged for or drawn in addition to mileage allowance.

نوٹ— داروغہ- مددگار داروغہ- و بیربان
جنگلات اگر اپنے پرگنہ تعیناتی میں سفر
کریں تو کسی سفر خرچ کے مستحق نہیں
ھونگے-

Note. Daroghas, Assistant Daroghas and Birbans of the Forest Department, when travelling within the Purgnah in which they are posted are not entitled to any travelling allowance.

۱۹—(الف) ملازمان پولیس بہ‌استثنائے

19A. Police employees, with the

سپرینٹنڈینٹ پولیس و انسپکٹران پولیس اگر اپنے حلقہ کے اندر گشت کریں یا صدر مقام پرجاویں تو وہ باب چہارم میں بہتہ یا مائلیج پانے کے مستحق نہ ہونگے لیکن اگر ریل سے سفر کیا جاوے تو کرایہ ریل وصول کرنے کے مستحق ہونگے یہہ اس بناء پر ہے کہ عملہ پولیس کی تنخواہ میں سفر کا صرفہ شامل ہے

exception of Superintendents of Police and Inspectors of Police, when travelling within their circles or proceeding to head quarters are not entitled to any mileage or daily allowance under Chapter IV, but are entitled to recover Rly. fare when travelling by rail. This is due to the fact that travelling expenses are included in their pay.

حصہ دویم - بہتہ یومیہ

Section II. Daily Allowance.

۲۰—یومیہ بہتہ ہیڈ کوارٹر سے غیر حاضری کے ہر روز کا ایک معینہ الاؤنس ہے اور اوسکی غایت اون معمولی یومیہ مصارف کا پورا کرنا ہے جو ایسی غیر حاضری میں ملازم سرکارکو کرنا پڑتے ہیں-

20. A daily allowance is a uniform allowance for each day of absence from head-quarters and is intended to cover the ordinary daily charges incurred by a State Servant in consequence of such absence.

۲۱—ملازم سرکارکو یومیہ بہتہ ملنے کی شرح قاعدہ نمبر ۵ میں درج ہے ہر اس ملازم سرکار کو جسکو مستقل بہتہ سفر نہیں ملتا اورجسکے فرائض میں سفر کرنا ضروری ہے دورہ کے زمانہ کا یومیہ بہتہ مل سکتا ہے-

21. The scale of daily allowance admissible to State Servants is given in Rule 5. Every State Servant, not in receipt of permanent travelling allowance whose duties require that he should travel, may draw daily allowance while on tour.

۲۲—یومیہ بہتہ ہیڈکوارٹر سے بکارسرکار عدم موجودگی کے سوا کسی دوسری صورت میں نہیں مل سکتا مدت غیر حاضری کا آغاز ٹہیک اسوقت ہوتا ہے جبکہ ملازم سرکار اپنے ہیڈکوارٹر سے روانہ ہو اور اختتام ٹہیک اسی وقت پر ہوتاہے جبکہ وہ اوس مقام پرجہاں اسکا ہیڈکوارٹر واقع ہے- فی الواقع واپس آجاتاہے خواہ وہاں وہ ٹہیرے یا نہیں

22. It may not be drawn except during absence from head-quarters on duty. A period of absence from head-quarters begins when a State Servant actually leaves his head-quarters and ends when he actually returns to the place in which his headquarters are situated, whether he halts there are not.

۲۳—یومیہ بہتہ ایسے روز کا نہیں ملیگا جبکہ ملازم سرکار اپنے ہیڈکوارٹر سے پانچ میل سے زائد

23. Daily allowance may not be drawn for any day on which a State

فاصلہ پرنہ پہنچ جاوے یا اپنے ہیڈکوارٹر پر اوسی
قدر فاصلہ سے واپس نہ آجاوے۔

Servant does not reach a point outside a radius of five miles from his head-quarters or returns to his head-quarters from a similar point.

۲۴—بموجب شرائط مندرجہ قاعدہ نمبر ۲۵
و ۲۶ یومیہ بہتہ دورہ کے موقع پر قیام یا تعطیل
کا وصول کیا جاسکتا ہے۔

24. Subject to the conditions laid down in Rules 25 and 26, daily allowance may be drawn during a halt on tour or on holiday occuring during a tour.

۲۵—کسی ایک جگہ پر دس روز سے زیادہ
مسلسل قیام کا یومیہ بہتہ نہیں ملیگا ممبر صاحب
کونسل ایسی شرائط پر جو وہ مناسب سمجہیں
قاعدہ ہذا سے انفرادی (یعنی نفری) مستثنیات
منظور کرسکتے ہیں اگر انہیں اطمینان ہوجاوے

25. Daily allowance may not be drawn for a continuous halt of more than 10 days at any one place, provided that a Member of Council may grant individual exemptions from the operation of this rule on such conditions as he thinks fit, if he is satisfied:—

(الف) کہ طویل قیام مفاد سرکار کیلئے ضروری
ہیں۔

(*a*) that prolonged halts are necessary in the interests of the public service,

(ب) کہ ایسے قیام میں لوازمات کیمپ قایم
رکہنے کی ضرورت ہے۔ یا جہاں کے
لوازمات کیمپ قایم نہ رکہے جاویں
تاہم اول دس روز کے بعد قیام جاری
رہنےکی صورت میں قیام کنندہ ملازم
سرکار پر زیادہ صرفہ کا بار پڑتا ہے۔

(*b*) that such halts necessitate the maintenance of camp equipage, or where no camp equipage is maintained continue after the first 10 days, to entail extra expenses upon the halting State Servant.

۲۶—قواعد نمبر ۲۳-۲۴و۲۵ کی اغراض کیلئے

26. For the purpose of rules 23, 24 and 25:—

(الف) دس روزہ مدت کے بعد مسلسل قیام
کی صورت میں قیامگاہ ملازم سرکار کا عارضی
ہیڈکوارٹر خیال کیاجاویگا۔

(*a*) after a continuous halt of 10 days duration the halting place shall be regarded as the State Servants temporary head-quarters.

(ب) قیام مسلسل ہوگا تاوقتیکہ اسکا اختتام ایسی بکار سرکار غیر حاضری پر نہو جس سے ایسے فاصلہ پر جانا پڑے جو قیام گاہ سے پانچ میل سے زیادہ فاصلہ پر ہو اور ایسی مدت کے لئے جس میں کم از کم تین راتیں شامل ہوں

(ج) میعادی قیام کا شمار کرنے میں ہر ایسا دن درج کردیا جاویگا جسمیں کہ ملازم سرکار جائے قیام سے پانچ میل سے زیادہ فاصلہ پر سفر یا قیام کرے ایسے دنکا ملازم ریاست مذکور کو یومیہ بھتہ مل سکیگا یا قابل منظوری ہو تو مائلیج الاؤنس میں تبدیل ہوسکیگا۔

(*b*) a halt is continuous unless terminated by an absence on duty at a distance from the halting place exceeding five miles for a period including not less than three nights,

(*c*) in calculating the duration of a halt any day on which the State Servant travels or halts at a distance from the halting place exceeding five miles shall be excluded. On such a day the State Servant may draw daily allowance or exchange it for mileage allowance if admissible.

حصہ سویم مائلیج الاؤنس

Section III Mileage Allowance.

۲۷— مائلیج وہ الاؤنس ہے جو سفر کردہ فاصلہ پر شمار ہوکر کسی خاص سفر کے اخراجات پورا کرنے کے لئے دیا جاوے۔

27. A mileage allowance is an allowance calculated on the distance travelled, which is given to meet the cost of particular journey.

۲۸-(الف) مائلیج الاؤنس شمار کرنیکی غرض سے دومقامات کے درمیان دو یا زیادہ راستوں میں سے سب سے چھوٹے یا سب سے سستے راستے سے جو چھوٹا بھی ہو سفر ہونا خیال کیاجاویگا بشرطیکہ ریل کے دو راستے ہوں اور فرق بلحاظ وقت اور صرفہ زیادہ نہو تو اس راستہ کا جو حقیقتاً طے کیا گیا ہو مائلیج الاؤنس مل سکتا ہے

28. (*a*) For the purpose of calculating mileage allowance, a journey between two places is held to have been performed by the shortest of two or more practicable routes or by the cheapest of such routes as may be equally short; provided that, when there are alternative railway routes and the difference between them in point of time and cost is not great, mileage allowance should be calculated on the route actually used.

(ب) سب سے چھوٹا راستہ وہ ہے جس سے مسافر بہت جلد معمولی ذرائع سفر سے مقام مقصود تک پہنچ جاوے مشکوک حالت میں ممبر صاحب کونسل اس امر کا فیصلہ کرینگے کہ دو یا زیادہ راستوں میں کونسا راستہ چھوٹا خیال کیا جاویگا

(*b*) The shortest route is that by which the traveller can most speedily reach his destination by the ordinary modes of travelling. In case of doubt a Member of Council may decide which shall be regarded as the shortest of two or more routes.

(ج) اگر ملازم سرکار ایسے راستہ سے سفر کرے جو سب سے چھوٹا نہیں ہے لیکن چھوٹے راستہ سے زیادہ ارزاں ہے تو اسکا مائلیج الاؤنس اس راستہ سے شمار کیا جاویگا جس سے وہ فی الواقع سفر کرے۔

(*c*) If a State Servant travels by a route which is not the shortest but is cheaper than the shortest, his mileage allowance should be calculated on the route actually used.

(د) مخصوص صورتوں میں بوجہ بے آرامی و ہرج وقت نوائی ریلوے اسٹیشن کو فرسٹ کلاس آفیسران کے لئے سب سے قریبی اسٹیشن نہ شمار کیا جاویگا کیونکہ اس اسٹیشن پر سفر قطع کرنے اور اختیار کرنے میں تکالیف اور وقت ضائع ہوتا ہے۔

(*d*) As a special case Newai Railway Station need not be considered the nearest Railway Station in the case of first class officers owing to the inconvenience and loss of time incurred by breaking a journey at this Station.

(ر) افسران درجۂ اول کمشنر سائر و آبکاری اسٹیٹ انجینیر و آفیسر ہمراہ وائس پریسیڈینٹ صاحب بہادر بسلسلہ دورہ جبکہ وہ ایک علیحدہ موٹر کار یا لاری سے سفر کریں سفر ذریعہ سڑک کے لئے مائلیج حاصل کرسکتے ہیں جبکہ سفر ذریعہ موٹر کار کیا گیا ہو بشرطیکہ وہ اس امر کی تصدیق کریں کہ ایسا سفر مفاد ریاست میں کیا گیا ہے

(*e*) First class officers, Commissioner of Customs & Excise, State Engineer, and the officer with V.P. on tour, while travelling in a separate Car or Lorry, may draw mileage for road journey when travelling by Car, provided that they certify that such a journey was made in State interest.

نوٹ نمبر ۱ — کوئی عہدہ دار جسنے سفر دوسرے افسر کی موٹر کار میں کیا ہو مائلیج الاؤنس حاصل کرنیکا مستحق نہیں ہے۔

Note 1. Any official travelling in another officer's car is not entitled to draw mileage allowance.

نوٹ نمبر ۲—ملازمان خاص موٹر سے سفر کرکے مائلیج حاصل کرسکتے ہیں بشرطیکہ سفر مفاد سرکار میں ہو۔

Note 2. Officers of His Highness' *staff may draw mileage* allowance for a journey by car provided the journey is in the interest of the State.

نوٹ نمبر ۳—افسران درجۂ دویم کو موٹر کار کے استعمال کی اجازت دی جاسکتی ہے بشرطیکہ ممبر صاحب بہادر کونسل نے جنہوں نے انجام دہی سفر کے لئے احکام دئے ہوں۔ ماقبل منظوری دی ہو

Note 3. Use of cars by II class officers may be allowed, if previously permitted by the Members of Council, order*ing the journey to be per*formed. The rate of mileage to be that, permitted by rules.

۲۹—شرح مائلیج وہ ہوگی جسکی قواعد ہذا میں اجازت دی گئی ہے۔ کسی مقام پر وہ جگہ جہاں سے سفر شروع یا ختم سمجھا جاوے وہ ہوگی جہاں کہ ریاست کے دفاتر ہوں یا ایسی جگہ جو سرکار عالی نے مقرر فرمائی ہو۔

29. The point in any station at which a journey is held to commence or end is the chief public office or such other point as may be fixed for the purpose by the Darbar.

۳۰—جیسا کہ قواعد مندرجہ ذیل میں ظاہر کیا گیا ہے مائلیج الاؤنس مختلف طریقہ پر لگایا جاوے گا بلحاظ اسکے کہ سفر بذریعہ ریل یا سڑک ہوا تھا یا کیا جاسکتا تھا۔

30. Mileage allowance is differently calculated as shown in the following rules, according as the journey is, or could be, made by railway or road.

سفر ذریعہ ریل

Journeys by Rail

۳۱—جبکہ ملازمان سرکار ریل کے ذریعہ سفر کریں تو وہ اس درجہ ریل کے مستحق سمجھے جائینگے جو قاعدہ نمبر ۵ میں درج ہے۔

31. State Servants when trevelling by Railway are considered to be entitled to class accomodation according to the scale laid down in rule 5.

نوٹ—اے۔ ڈی۔ سی۔ صاحبان کو صرفہ ریل و بہتہ نہ دیا جاوے جبکہ وہ سرکار عالی دام اقبالہ کے ہمرکاب سواری یا ریل میں سفر کریں اور اونکو خوراک باورچی خانہ سرکاری سے دی جاوے۔

Note:—A.D C S. to His Highness should not be allowed any railway fare or daily allowance, when they travel with H.H by railway, or some other conveyance and are

provided meals from H.H.'s kitchen.

32. Except in the case of journeys on transfer (Vide Chapter V) 1½ Railway fare may be allowed to State officials for journey on official duty according to their status under classification of officers' rule 5.

۳۲—بجز اون سفروں کے جو بموقع تبادله کئے جاویں (دیکھو باب پنجم) ملازمان سرکار کو سفر بکار سرکار کی حالت میں واحد کرایہ ریل کی بجائے ڈیوڑھا کرایہ ریل اپنے اپنے مستحقه درجه کا تقسیم گریڈ ملازمان مندرجه قاعده نمبر ٥ کے مطابق عطا کیا جاویگا۔

33. If a State Servant of the 2nd class actually travels by train which does not provide the class of accomodation to which he is entitled under rule 31, he may be allowed to draw mileage allowance of the next higher class provided that the controlling officer attaches to his travelling allowance bill a certificate that it was necessary in the public interest that he should travel by that train.

۳۳—اگر کوئی سیکنڈ کلاس آفیسر اس گاڑی میں واقعی سفر کرے که جسمیں وہ درجه نہیں ہے جسمیں بموجب قاعده نمبر ۳۱ وہ سفر کرنیکا مجاز ہے تو اسکو اس سے اونچے درجه کا مائلیج الاؤنس دیا جاسکتا ہے بشرطیکه افسر نگران نقشه سفرخرچ کے ساتھه یہه سرٹیفکٹ (تصدیق) لگاوے که بمفاد سرکار کے لحاظ سے اسکو اس گاڑی سے سفر کرنا ضروری تھا۔

Mileage Allowances For Journeys By Road.

مائلیج الاؤنس ان سفروں پر جو بذریعه سڑک کیاجاوے

34. For journeys by road mileage allowance is calculated at the rates given in rule 5.

۳۴—ایسے سفروں میں جو سڑک کے راستے سے کئے جاویں مائلیج اون شرحوں سے شمار ہوگا جو قاعده نمبر ٥ میں درج ہیں۔

35. In calculating mileage allowance for journeys by road, fractions of a mile should be omitted from the total of a bill for any one journey but not from the various items which make up the bill.

۳۵—ان سفروں میں جو سڑک کے راستے سے کئے جاویں مائلیج الاؤنس شمار کرتے وقت کسی ایک سفر کے نقشه سفر خرچ کی میزان میں سے میل کے ٹکڑے کم کردینا چاہئیں لیکن بل کے ہر ایک مختلف مد میں سے خارج نہیں کئے جاوینگے۔

۳۶—(الف) ان شرائط کے ماتحت جو دربار عالی وقار عام یا خاص حکم سے عائد فرمائیں اعلیٰ سروس کا ملازم سرکار کسی ایسے روز کے یومیہ بھتہ کو مائلیج الاؤنس میں تبدیل کرسکتا ہے جبکہ وہ تیس میل سے زیادہ سڑک سے سفر کرے۔ بشرطیکہ اگر کوئی مسلسل سفر ایک سے زیادہ دن کا کیا جاوے تو یہہ تبدیلی ایسے تمام ایام کے لئے ہوگی نہ کہ کچھہ حصہ کے لئے جو سفر تیس میل سے کم ہونگے ان میں حسب قیود مائلیج مل سکیگا لیکن یہ مائلیج اصلی صرفہ تک محدود ہوگا۔

یعنی اصلی کرایہ جو نوائی سے ٹونک تک کا ہوگا اس سے زائد نہ بڑھیگا

36. (*a*) Subject to any conditions which the Darbar may by general or special order impose a State Servant in superior service may exchange his daily allowance for mileage allowance on any day on which he travels more than 30 miles by road; provided that, if a continuous journey extends over more than one day, the exchange must be made for all such days and not for a part only of them. Mileage subject to above conditions will be admissible for journey of less than 30 miles but this will be limited to actual expenses.

A person travelling from Tonk to Newai will not get more than the actual fare.

(نوٹ) بذریعہ سڑک سفر کئے ہوئے فاصلہ یا سڑک کے سفروں کے مائلیج شمار کرتے وقت چھوٹے سفر جو ہیڈکوارٹر سے پانچ میل کے اندر اندر کئے جاویں دوسرے سفروں میں شمار نہیں کئے جاوینگے۔

Note:— Short journey within a radius of five miles from head-quarters may not be added to other journeys, when calculating the distance travelled by road or the amount of mileage allowance admissible for road journeys.

(ب) جبکہ سڑک کے سفر کے ساتھہ ریل کا سفر بھی شامل ہو تو

(۱) سڑک کے ایسے سفروں کا مائلیج لیا جاسکتا ہے لیکن تاوقتیکہ سڑک کا سفر تیس میل سے زیادہ نہو ایسا مائلیج یومیہ بھتہ کی مقدار تک محدود ہوگا اور

(*b*) When a journey by road is combined with a journey by Railway:—

(i) mileage allowance may be drawn on account of such journeys by road, but such mileage is limited to the amount of daily allowance unless the journey by road exceeds 30 miles, and

(۲) تاوقتیکه ایسے سڑک کے سفر ملازم سرکار کے هیڈ کوارٹر سے یا هیڈ کوارٹر تک نهوں مائلیج بلالحاظ امورمندرجه قاعده نمبر ۲۹ واقعی سفر کرده فاصله پر هی شمار کیا جاویگا-

(ii) unless such journeys by road be a journey to and from the Srate Servants head-quarters mileage allowance shall be calculated on the distance actually travelled without regard to the point fixed by or under rule 29.

نوٹ نمبر ۱— سرونج و پڑاوه سے قریب ترین ریلوے اسٹیشن کے سفرونکی صورت میں و علی هذا حسب ذیل اسپیشل شرح مائلیج الاؤنس کے بجائے شرح ماقبل کے مذکوره ذیل اقسام کے عهده داران کو دیجاویگی-

Note 1. In the case of journeys from Sironj and Pirawa to the nearest Railway Station and Vice Versa, the following special rates of mileage allowance will be admissible in lieu of the foregoing the classes of the officers, mentioned below:—

سیکنڈ کلاس (درجهٔ دویم)	سے/
تهرڈ کلاس (درجه سویم)	عـه/
فورتهه کلاس (درجه چهارم)	عـه/

2nd Class	Rs 3/-/-
3rd Class	Rs 2/-/-
4th Class	Rs 1/-/-

نوٹ نمبر ۲— سرونج سے باسوده کا اسپیشل مائلیج اوسوقت دیا جاوے جبکه موٹر سروس بند هواور آفیسر متعلقه تصدیق کرے که واقعی موٹر بند هے ورنه معمولی کرایه ادا هوگا-

Note 2. Special mileage for journey from Basoda to Sironj may be drawn, if the Motor Service is stopped and the officer, concerned, certifies to the fact, otherwise ordinary travelling allowance shall be allowed.

۳۷—اون شرائط کے تحت میں جو دربار عالی وقار عام یا خاص حکم کی روسے عائد فرمائیں ایک اعلی (منیسٹریل) یا ادنی درجه کا سرکاری ملازم اپنا یومیه بهته هر اس دن کے لئے مائلیج الاؤنس میں تبدیل کرسکتا هے جبکه وه کرایه کی کسی سواری

37. Subject to any condition which the Darbar may by general or special order impose a ministerial or menial State Servant may for any day on which he travels by public or hired

سے سفر کرے اور آفیسر صیغہ یہہ سارٹیفکٹ دے کہ اسکے لئے ایسا ہی حکم دیا گیاہے۔

conveyance under a certificate from the head of the office that he is required to do so exchange daily allowance for mileage allowance.

ملازمان درجۂ ادنیٰ

Inferior Servants.

۳۸— حسب ذیل شرائط ادنیٰ ملازمان ریاست پر عائد ہونگے۔

38. The following conditions are applicable to a State Servant in inferior service:—

(الف) ریل کے سفر میں وہ مائلیج الاؤنس علاوہ یومیہ بہتہ کے حاصل کرسکیگا

(*a*) For a journey by Railway, he may draw mileage allowance in addition to daily allowance:

(ب) سڑک کے سفر میں وہ یومیہ بہتہ کو مائلیج الاؤنس میں تبدیل کرسکیگا بشرطیکہ سفر ۳۰ میل سے زیادہ ہو یا شرائط مندرجہ قاعدہ نمبر ۳۷ پورے ہوتے ہوں

(*b*) For a journey by road, he may exchange daily allowance for mileage allowance if the journey exceeds 30 miles or the condition of rule 37 is fulfilled,

(ج) ایسے موقعہ پر جبکہ سڑک اور ریل دونوں ذرائع سے سفر ہوا ہو تو علاوہ اس الاؤنس کے جو قاعدہ ہذا کے ضمن الف میں درج ہے وہ محدود شکل میں جیسا کہ قاعدہ نمبر ۳۶ حرف (ب) کے (ا) میں درج ہے مائلیج الاؤنس حاصل کرسکتاہے بجز اس صورت کے جو سڑک کے سفر کے لئے قاعدہ نمبر ۳۷ میں درج ہے۔

(*c*) For a journey by road combined with a journey by Railway, he may draw mileage allowance, limited as in Rule 36 (b) (i) except as provided in Rule 37 for road journey, in addition to the allowance admissible under clause (*a*) of this rule.

اصلی صرفہ

Actual Cost.

۳۹—جبکہ اول درجہ سے نیچے کا سرکاری ملازم اپنے افسر کے حکم سے خاص سواری سے سفر کرے جسکا صرفہ اس یومیہ بہتہ مائلیج الاؤنس سے زیادہ ہو جو اسکے لئے قاعدہ ہذا کی رو سے قابل منظوری

39. When a State Servant of the grade lower than the 1st is required by the order of a superior authority to travel by special means of conveyance,

ھے تو ایسے ملازم کو ایسے مائلیج یومیہ بھتہ کے
بجائے سفر کا اصلی صرفہ مل سکتاھے اصلی صرفہ کے
بل کی تائید میں افسر متعلقہ کا دستخط شدہ اور
کنٹرولنگ (یعنی نگران) افسر کا تصدیق کردہ
ایسا سرٹیفکٹ ھونا چاھئے کہ خاص سواری کا
استعمال قطعی طور سے ضروری تھا اور ان وجوھات
کی صراحت ھونا چاھئے جسکی بناء پر وہ ضروری ھوا

